DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 23.06.2025

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | ایران پر حملے بین الاقوامی قوانین کیخلاف ہیں، گورنر مندوخیل | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | خضدار دہشتگردوں کی فائرنگ میر عطاالرحمٰن جاں بحق، بیٹا شدید زخمی، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | صحبت پور کے عوام کی خدمت اولین ترجیحات میں شامل ہے، میر سلیم کھوسہ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | عوام کوان کی دہلیز پر سہولیات فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہیں، حاجی محمد خان لہڑی | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | صوبائی حکومت وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں متحد ومنظم ہے، بخت محمد کاکڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | خواتین کی فیصلہ سازی میں شمولیت ناگزیر ہے، ربابہ بلیدی | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | امریکہ نے خطے کے امن کو خطرے میں ڈال دیا ہے، شعیب نوشیروانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | محکمہ تعلیم کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ضلعی انتظامیہ اقدامات کررہی ہے، ڈی سی کوہلو | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | جھل مگسی میں گیس کی فراہمی کے منصوبے پر کام کا آغاز کردیا گیا | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | دالبندین سے دینی مدرسے کے 40 سے زائد طلبہ شیخ زید ہسپتال کوئٹہ منتقل | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | کوئٹہ غیرقانونی منی پیٹرول پمپس کیخلاف کارروائی کا آغاز | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | کوہلو تحصیل ماوند میں ڈی سی کی زیر صدارت کھلی کچہری | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز مکران ڈویژن کا پریس کلبز کا دورہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | میڈیا ورکرز کی برطرفی ہرگز قبول نہیں ہے، بی یو جے | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | ایکشن کمیٹی اخباری صنعت کا احتجاج جاری | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | اخبار فروشوں کیلئے گرانٹ شامل نہ کرنے پر افسوس | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | بلوچ بھائی پشتونوں کے خلاف اقدامات کو ناکام بنائیں، خوشحال کاکڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 19 | جمعیت کے رہنماؤں اور کارکنوں کا قتل ایک سوچا سمجھا منصوبہ ہے، مولانا واسع | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

جیکب آباد اور کچھی کے درمیانی علاقے سے تین نوجوان اغواء، مسلح افراد کی مستونگ میں قومی شاہراہ کی ناکہ بندی شناختی کارڈ چیک کیے، گاڑی نذر آتش

## عوامی مسائل:

کوئٹہ میں سبزیوں اور دیگر خوردنی اشیاء کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، کیسکو بے لگا غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا دورانیہ بڑھا دیا، عوام گرمی سے بے حال،

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 23.06.2025

**اداریہ:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**ایران ،اسرائیل جنگ ،بلوچستان کے سرحدی علاقوں کے مسائل حل کرنے کیلئے وزیر اعلیٰ بلوچستان کوشاں !** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کی کہ ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری جنگ کے اثرات اب بلوچستان پر بھی نمایاں ہونے لگی ہیں ،ایران سے ملحقہ بلوچستان کے سرحدی علاقے طویل عرصے سے ایرانی پیٹرول کی اسمگلنگ کا اہم مرکز سمجھے جاتے تھے تاہم ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری جنگ کے باعث پاک ،ایران سرحدی کراسنگ پوائنٹس کی بندش سے یہ سارا کاروبار ٹھپ ہو کر رہ گیا ہے صوبہ بھر میں ایرانی پٹرول پمپس بھی بند ہو چکے ہیں جس کے نتیجے میں ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ کر دیا گیا ہے، دوسری جانب ایل پی جی گیس کی قلت کا بھی خطرہ ہے جس کے باعث ان کی قیمتیں دگنی ہوگئی ہیں، ایران اسرائیل جنگ سے قبل کوئٹہ میں ایرانی اشیائے خورد ونوش کی فروخت عام تھی شہر کے مختلف علاقوں کی مارکیٹوں اور دکانوں میں ایرانی کوکنگ آئل ، گھی ،بسکٹ ،خشک میوہ جات ،کمبل باآسانی دستیاب تھیں تاہم اب پاک ،ایران سرحد کی بندش سے نہ صرف ان اشیاء کی قلت پیدا ہونے لگی ہے بلکہ قیمتوں میں بھی نمایاں اضافہ دیکھا جا رہا ہے بلوچستان کے سرحدی علاقے بہت زیادہ متاثر ہیں کیونکہ سرحدی علاقوں میں شہریوں اور کاروباری افراد کا تمام تر معاشی انحصار ایران پر ہے جہاں سے پیٹرولیم مصنوعات سمیت دیگر اشیاء لائی جاتی ہیں جن سے وہ اپنی ضروریات پوری کرنے کے ساتھ ملک کے دیگر حصوں میں فروخت بھی کرتے ہیں اب اسرائیل ایران تنازعہ کی وجہ سے ایرانی اشیاء کی ترسیل بند ہو چکی ہے جس سے سرحدی علاقوں سمیت ملک کے دیگر حصے بھی متاثر ہیں جو اس کاروبار سے منسلک ہیں اور جو شہری خریدار ہیں۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 23 JUN 2025 Page No. 1


## ایران پر حملے بین الاقوامی قوانین کیخلاف ہیں، گورنر مندوخیل

**کسی ملک کی خودمختاری کیخلاف ایسے غیر ذمہ دارانہ اقدامات سے عالمی امن کو خطرات لاحق ہوسکتے ہیں**

کوئٹہ(خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ایران پر امریکہ اور اسرائیل کے حالیہ حملے بین الاقوامی قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہیں، ایران کو اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 51 کے تحت اپنے دفاع کا پورا حق حاصل ہے، جو کہ اس کے شہریوں کے حق وحفاظت کی ضمانت دیتا ہے۔ گورنر نے ایران کے خلاف اسرائیل کی جارحیت کو ایران کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی کھلی خلاف ورزی سمجھتے ہوئے اس کی مذمت کرنے کے پاکستان کے دیرینہ موقف کو دہرایا۔ انہوں نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ کسی بھی ملک کی خودمختاری کے خلاف اس طرح کے غیر ذمہ دارانہ رویوں اور جارحانہ ذہنیت سے عالمی امن و استحکام کو خطرات لاحق ہوسکتے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے اس مشکل کی اس گھڑی میں برادر ہمسایہ ملک ایران کی حکومت اور عوام کے ساتھ پاکستان کی یکجہتی کا اعادہ کیا۔ انہوں نے ایرانی شہروں پر حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے انہیں بین الاقوامی قانون کے بنیادی اصولوں کی بے توقیری قرار دیا اور ان کے نتیجے میں ہونے والے جانی ومالی نقصانات پر گہرے دکھ کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہ جنگ کبھی مسائل کا حل نہیں ہوتی اور امید ظاہر کی کہ حالات جلد بہتر ہوں گے جس سے پرامن حل کی راہ ہموار ہوگی۔

MASHRIQ QUETTA

## امریکہ اسرائیل عالمی قوانین کی خلاف ورزی کررہے ہیں، گورنر

**ایران کو اقوام متحدہ کے چارٹر کے تحت اپنے دفاع کا پورا حق حاصل ہے**

**مشکل کی اس گھڑی میں برادر ہمسایہ ملک کیساتھ ہیں، جعفر خان مندوخیل**

کوئٹہ(خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ایران پر امریکہ اور اسرائیل کے حالیہ حملے بین الاقوامی قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہیں........ بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

، ایران کو اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 51 کے تحت اپنے دفاع کا پورا حق حاصل ہے، جو کہ اس کے شہریوں کے حق وحفاظت کی ضمانت دیتا ہے۔ گورنر نے ایران کے خلاف اسرائیل کی جارحیت کو ایران کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی کھلی خلاف ورزی سمجھتے ہوئے اس کی مذمت کرنے کے پاکستان کے دیرینہ موقف کو دہرایا۔

CamScanner

THE DAILY JANG QUETTA
روزنامہ جنگ کوئٹہ
بانی میر خلیل الرحمن
جلد 54 پیر 26 ذوالحجہ 1446ھ 23 جون 2025ء نمبر 170

# خضدار، دہشتگردوں کی فائرنگ، میر عطاء الرحمن جاں بحق، بیٹا شدید زخمی

دہشتگردوں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائیگا، سرفراز بگٹی

میر عطاء سابق وزیر اعلیٰ میر نصیر مینگل کے صاحبزادے، میر شفیق الرحمن مینگل کے بھائی تھے، وڈھ باڈری میں نماز جنازہ ادا کر دی گئی

دہشتگردی کے ناسور کے خاتمے تک ہماری جدوجہد جاری رہیگی، وزیر اعلیٰ، حملہ قابل مذمت ہے، میر شعیب نوشیروانی کا اظہار مذمت

خضدار/کوئٹہ (نامہ نگار/خ ن) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر محمد نصیر مینگل کے فرزند جھالاوان عوامی پینل کے سربراہ میر شفیق الرحمن مینگل میر محمود الرحمن مینگل کے بڑے بھائی میر عطاء الرحمن مینگل وڈھ آڑنجی کے مقام پر مسلح افراد کی فائرنگ سے جاں بحق بیٹا شدید زخمی مقامی انتظامیہ کے مطابق اتوار کی علی صبح میر عطاء الرحمن مینگل وڈھ آڑنجی کے مقام آواک کے قریب اپنے بیٹے میر مطیع الرحمن مینگل کے ہمراہ شکار کے لئے گئے ہوئے تھے جہاں پر دو درجن سے زائد مسلح افراد نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کی جس کے نتیجے میں میر عطاء الرحمن مینگل موقع پر جاں بحق ہو گئے جبکہ ان کا بیٹا میر مطیع الرحمن مینگل شدید زخمی ہو گئے جنہیں زخمی حالت میں اسپتال منتقل کر دیا گیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ نے جائے وقوعہ کی جانب بھاری لیویز کی نفری روانہ کر کے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے جبکہ واقعہ میں جاں بحق ہونے والے قبائلی رہنما میر عطاء الرحمن مینگل کی جسد خاکی کو ان کے آبائی علاقہ وڈھ باڈری لایا گیا جہاں رات گئے ان کا نماز جنازہ ادا کی گئی نماز جنازہ میں مختلف قبائل کے سربراہان قبائلی عمائدین سیاسی و سماجی شخصیات سرکاری حکام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وڈھ کے علاقے آڑنجی اواک میں دہشتگردوں کے حملے کے دوران سابق وزیر مملکت اور سابق نگراں وزیر اعلیٰ بلوچستان اور پاکستان کے سابق سفیر برائے قطر میر محمد نصیر مینگل کے فرزند میر عطاء الرحمن مینگل کی شہادت پر دلی رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میر عطاء الرحمن مینگل کی شہادت نہایت افسوسناک سانحہ ہے، جو دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس واقعے کی مکمل تحقیقات کرے گی اور واقعے میں ملوث عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے شہید کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کے بلند درجات اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی انہوں نے جھڑپ میں زخمی ہونے والے میر عطاء الرحمن مینگل کے فرزند میر مطیع الرحمن مینگل کی جلد صحتیابی کے لیے بھی دعا کی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور حکومت دہشتگردی کے خلاف یکجہتی اور حوصلے کے ساتھ کھڑے ہیں، اور اس ناسور کے خاتمے تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔ دریں اثناء صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے بھی سابق وزیر مملکت، نگراں وزیر اعلیٰ و سابق سفیر قطر میر نصیر مینگل کے فرزند میر عطاء الرحمن مینگل کی شہادت پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ نہایت افسوسناک ہے اور حملہ قابل مذمت ہے۔ وہ اس غم کی گھڑی میں میر نصیر مینگل اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ مکمل ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنی جوار رحمت میں بلند مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل دے۔ میر شعیب نوشیروانی نے میر مطیع الرحمن مینگل کی جلد صحتیابی کے لیے بھی دعا اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

# ایرانی سرحد سے متصل علاقوں میں غذائی قلت نہیں

وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت اجلاس

متعلقہ حکام کی بریفنگ

سرحدی علاقوں میں اشیائے خورد و نوش کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے موثر اقدامات جاری رکھے جائیں، سرفراز بگٹی کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت ایران بارڈر سے ملحقہ اضلاع کی موجودہ صورتحال سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا، جس میں سرحدی علاقوں میں اشیائے خورد و نوش، ایندھن کی فراہمی کے ساتھ ساتھ زائرین، طالب علموں کی واپسی اور امن و امان کی مجموعی صورتحال کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے جہانزیب خان، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند، ڈائریکٹر ایف آئی اے بہرام خان مندوخیل، محکمہ داخلہ کے حکام نے شرکت کی جبکہ انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری، کمشنر مکران ڈویژن کمشنر رخشان ڈویژن اور ایران سے متصل اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے، اجلاس کے دوران مختلف اداروں کی جانب سے موجودہ انتظامات اور مستقبل کے لائحہ عمل پر بریفنگ دی گئی اجلاس کو بتایا گیا کہ فی الحال بلوچستان کے ایرانی سرحد سے متصل علاقوں میں کسی قسم کی غذائی قلت درپیش نہیں اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ سرحدی علاقوں میں اشیائے خورد و نوش کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات جاری رکھے جائیں تاکہ عوام کو کسی قسم کی دشواری نہ ہو وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ہدایت کی کہ بجلی اور ایل پی جی کی فراہمی کو برقرار رکھنے کے لیے متبادل ذرائع کی حکمت عملی پر عمل درآمد کیا جائے انہوں نے بتایا کہ وفاقی حکومت سے رابطے کے ذریعے توانائی اور ایندھن کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کو نتیجہ خیز بنایا جا رہا ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بارڈر ایریا میں پیٹرول کی فراہمی کے لیے وفاقی وزارت پیٹرولیم سے رابطہ جاری ہے تاکہ مقامی آبادی کو ایندھن کی قلت کا سامنا نہ ہو۔ انہوں نے زور دیا کہ بارڈر کی مقامی آبادی کو خوراک و ایندھن کی قلت سے محفوظ رکھنے کے لیے بروقت اور مربوط اقدامات ضروری ہیں انہوں نے ہدایت کی کہ پی ڈی ایم اے کسی بھی غیر معمولی یا ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے کنٹی جنسی پلان تیار رکھے تاکہ فوری ردعمل ممکن ہو انہوں نے متعلقہ کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو تاکید کی کہ وہ تمام صورتحال پر کڑی نظر رکھیں اور عوامی مسائل کے حل کو اولین ترجیح دی جائے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ زائرین اور طالب علموں کی بحفاظت وطن واپسی باعث اطمینان ہے اور ان کے محفوظ سفر کے لیے کیے گئے اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان ہر سطح پر عوامی ریلیف کے اقدامات میں سنجیدہ ہے اور تمام اداروں کو ہم آہنگی سے کام کرنے کی ضرورت ہے تاکہ سرحدی علاقوں میں بسنے والے شہری خود کو محفوظ محسوس کریں۔



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سرحدی اضلاع کی صورتحال سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# گورنر مندوخیل اور وزیر اعلیٰ کا دورہ ژوب

جسٹس جمال مندوخیل سے اظہار تعزیت

ژوب (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آج سپریم کورٹ آف پاکستان کے جسٹس جمال خان مندوخیل اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سینیٹر بلال خان مندوخیل سے ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کیلئے ان کی رہائش گاہ ژوب پہنچے۔ انہوں نے مرحومہ کیلئے فاتحہ خوانی کی اور سوگوار خاندان کے ساتھ تعزیت کرتے ہوئے ان کی والدہ کی وفات پر اپنی گہری ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ گورنر بلوچستان اور وزیر اعلیٰ کے ہمراہ کئی صوبائی وزراء اور اراکین بلوچستان اسمبلی بھی تھے جن میں بخت محمد کاکڑ، نور محمد دمڑ، زمرک خان اچکزئی، حاجی فضل قادر مندوخیل اور میر یونس زہری شامل تھے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | پیر 26 ذوالحجہ 1446ھ 23 جون 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 354

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 30 روپے

Bullet No. 1

Page No. 3


# ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے کنٹی جنسی پلان تیار رکھا جائے، وزیراعلیٰ

**سرحدی علاقوں میں اشیائے خورد و نوش، ایندھن کی فراہمی کیساتھ زائرین، طالب علموں کی واپسی کا خیال رکھا جائے**

**امن و امان کا قیام اولین ترجیح، توانائی اور ایندھن کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں، میر سرفراز بگٹی**

**متعلقہ کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز تمام صورتحال پر کڑی نظر رکھیں اور عوامی مسائل کے حل کو اولین ترجیح دیں، افسران کو ہدایت**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرِ صدارت ایران بارڈر سے ملحقہ اضلاع کی موجودہ صورتحال سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا، جس میں سرحدی علاقوں میں اشیائے خورد و نوش، ایندھن کی فراہمی کے ........ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

ساتھ ساتھ زائرین، طالب علموں کی واپسی اور امن و امان کی مجموعی صورتحال کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے جہانزیب خان، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند، ڈائریکٹر ایف آئی اے بہرام خان مندوخیل، محکمہ داخلہ کے حکام نے شرکت کی جبکہ انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری، کمشنر مکران ڈویژن کمشنر رخشان ڈویژن اور ایران سے متصل اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے، اجلاس کے دوران مختلف اداروں کی جانب سے موجودہ انتظامات اور مستقبل کے لائحہ عمل پر بریفنگ دی گئی اجلاس کو بتایا گیا کہ فی الحال بلوچستان کے ایرانی سرحد سے متصل علاقوں میں کسی قسم کی غذائی قلت درپیش نہیں اس موقع پر وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ سرحدی علاقوں میں اشیائے خورد و نوش کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں تاکہ عوام کو کسی قسم کی دشواری نہ ہو وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہدایت کی کہ بجلی اور ایل پی جی کی فراہمی کو برقرار رکھنے کے لیے متبادل ذرائع کی حکمت عملی پر عمل درآمد کیا جائے انہوں نے بتایا کہ وفاقی حکومت سے رابطے کے ذریعے توانائی اور ایندھن کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کو نتیجہ خیز بنایا جا رہا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بارڈر ایریا میں پیٹرول کی فراہمی کے لیے وفاقی وزارت پیٹرولیم سے رابطہ جاری ہے تاکہ مقامی آبادی کو ایندھن کی قلت کا سامنا نہ ہو۔

# وزیراعلیٰ اور گورنر بلوچستان کی سینیٹر بلال مندوخیل سے تعزیت

**ژوب میں فاتحہ خوانی میں صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی و دیگر شخصیات شریک**

ژوب (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اتوار کے روز گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، صوبائی وزراء اور اراکین بلوچستان اسمبلی کے ہمراہ ........ بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

ایک روزہ مختصر دورے پر ژوب پہنچے۔ جہاں انہوں نے سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل اور پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر بلال خان مندوخیل سے ان کی والدہ محترمہ کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا اور فاتحہ خوانی کی وزیراعلیٰ کے ہمراہ صوبائی وزراء نور محمد دمڑ، بخت محمد کاکڑ، اور اراکین بلوچستان اسمبلی زمرک خان اچکزئی و میر یونس عزیز زہری بھی موجود تھے۔

# عوام اور حکومت دہشتگردی کیخلاف یکجہتی کیساتھ کھڑے ہیں، سرفراز بگٹی

**حکومت بلوچستان واقعے کی شفاف تحقیقات کرے گی، میر نصیر مینگل سے تعزیت**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وڈھ کے علاقے آڑنجی اواک میں دہشتگردوں کے حملے کے دوران سابق وزیر مملکت اور سابق نگراں ........ بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان اور پاکستان کے سابق سفیر برائے قطر میر محمد نصیر مینگل کے فرزند میر عطاء الرحمن مینگل کی شہادت پر دلی رنج و غم کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ میر عطاء الرحمن مینگل کی شہادت نہایت افسوسناک سانحہ ہے جو دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس واقعے کی مکمل تحقیقات کرے گی اور واقعے میں ملوث عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا



ژوب، گورنر جعفر خان مندوخیل، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی و دیگر جسٹس جمال مندوخیل کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سرحدی اضلاع کی صورتحال سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CL
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Bullet No. 1
Page No. 6

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد 23 شمارہ 189، پیر، 26 ذوالحج، 23 جون 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# سرحدی علاقوں میں خوردنی اشیاء کی فراہمی یقینی بنائی جائے، وزیراعلیٰ

## وفاقی حکومت سے رابطے کے ذریعے توانائی اور ایندھن کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات کو نتیجہ خیز بنایا جارہا ہے

## مقامی آبادی کو خوراک وایندھن کی قلت سے محفوظ رکھنے کیلئے بروقت و مربوط اقدامات ضروری ہیں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت ایران بارڈر سے ملحقہ اضلاع کی موجودہ صورتحال سے متعلق ایک اعلیٰ سطح اجلاس چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا، جس میں سرحدی علاقوں میں اشیائے خوردونوش، ایندھن کی فراہمی کے ساتھ ساتھ زائرین، (باقی صفحہ 5 نمبر 19)

طالب علموں کی واپسی اور امن وامان کی مجموعی صورتحال کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے جہانزیب خان، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند، ڈائریکٹر ایف آئی اے سہرام خان مندوخیل، محکمہ داخلہ کے حکام نے شرکت کی جبکہ انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری، کمشنر مکران ڈویژن کمشنر رخشان ڈویژن اور ایران سے متصل اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے، اجلاس کے دوران مختلف اداروں کی جانب سے موجودہ انتظامات اور مستقبل کے لائحہ عمل پر بریفنگ دی گئی اجلاس کو بتایا گیا کہ فی الحال بلوچستان کے ایرانی سرحد سے متصل علاقوں میں کسی قسم کی غذائی قلت درپیش نہیں اس موقع پر وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ سرحدی علاقوں میں اشیائے خوردونوش کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں تاکہ عوام کو کسی قسم کی دشواری نہ ہو وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہدایت کی کہ بجلی اور ایل پی جی کی فراہمی کو برقرار رکھنے کے لئے متبادل ذرائع کی حکمت عملی پر عملدرآمد کیا جائے انہوں نے بتایا کہ وفاقی حکومت سے رابطے کے ذریعے توانائی اور ایندھن کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لئے اقدامات کو نتیجہ خیز بنایا جارہا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بارڈر ایریا میں پیٹرول کی فراہمی کے لئے وفاقی وزارت پیٹرولیم سے رابطہ جاری ہے تاکہ مقامی آبادی کو ایندھن کی قلت کا سامنا نہ ہو۔ انہوں نے زور دیا کہ بارڈر کی مقامی آبادی کو خوراک وایندھن کی قلت سے محفوظ رکھنے کے لئے بروقت اور مربوط اقدامات ضروری ہیں انہوں نے ہدایت کی کہ پی ڈی ایم اے کسی بھی غیر معمولی یا ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے کنٹی جنسی پلان تیار رکھے تاکہ فوری ردعمل ممکن ہو انہوں نے متعلقہ کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو تاکید کی کہ وہ تمام صورتحال پر کڑی نظر رکھیں اور عوامی مسائل کے حل کو اولین ترجیح دی جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ زائرین اور طالب علموں کی بحفاظت وطن واپسی باعث اطمینان ہے اور ان کے محفوظ سفر کے لئے کئے گئے اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان ہر سطح پر عوامی ریلیف کے اقدامات میں سنجیدہ ہے اور تمام اداروں کو ہم آہنگی سے کام کرنے کی ضرورت ہے تاکہ سرحدی علاقوں میں بسنے والے شہری خود کو محفوظ محسوس کریں۔



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی بارڈر ایریا اضلاع کی صورتحال سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# سابق وزیراعلیٰ نصیر مینگل کے فرزند عطاء الرحمان فائرنگ سے جاں بحق، نہایت افسوسناک سانحہ، وزیراعلیٰ

## میر عطاء الرحمان اپنے فرزند میر مطیع کے ہمراہ شکار کھیلنے گئے تھے جہاں دو درجن سے زائد افراد نے ان پر فائرنگ کردی

## بیٹا شدید زخمی ہوا، واقعے کی مکمل تحقیقات اور ملوث عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائیگا، میر سرفراز بگٹی


کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر+خ ن) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر محمد نصیر (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

مینگل کے فرزند میر عطاء الرحمن مینگل مسلح افراد کی فائرنگ سے جاں بحق، بیٹا زخمی ہوگیا۔ مقامی انتظامیہ کے مطابق اتوار کی علی الصبح سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر محمد نصیر مینگل کے فرزند جھالاوان عوامی پینل کے سربراہ میر شفیق الرحمن مینگل اور میر محمود الرحمن مینگل کے بڑے بھائی میر عطاء الرحمن مینگل ضلع خضدار کی تحصیل وڈھ کے علاقے آڑنجی میں واقع آواک کے قریب اپنے بیٹے میر مطیع الرحمن مینگل کے ہمراہ شکار کیلئے گئے ہوئے تھے جہاں پر دو درجن سے زائد مسلح افراد نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کی جس کے نتیجے میں میر عطاء الرحمن مینگل موقع پر جاں بحق جبکہ ان کا بیٹا میر مطیع الرحمن مینگل شدید زخمی ہوگیا جسے زخمی حالت میں اسپتال منتقل کردیا گیا واقعہ کی اطلاع ملنے پر مقامی انتظامیہ اور سیکورٹی فورسز کی بھاری موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لیتے ہوئے ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے جبکہ میر عطاء الرحمن مینگل کی جسد خاکی کو ان کے آبائی علاقہ وڈھ باڑزی منتقل کیا گیا جہاں رات گئے ان کی نماز جنازہ ادا کی گئی نماز جنازہ میں بڑی تعداد میں قبائلی سربراہان و عمائدین سیاسی و سماجی شخصیات اعلیٰ سرکاری حکام شریک ہوئے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وڈھ کے علاقے آڑنجی اواک میں دہشتگردوں کے حملے کے دوران سابق وزیر مملکت اور سابق نگراں وزیراعلیٰ بلوچستان اور پاکستان کے سابق سفیر برائے قطر میر محمد نصیر مینگل کے فرزند میر عطاء الرحمن مینگل کی شہادت پر دلی رنج وغم کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ میر عطاء الرحمن مینگل کی شہادت نہایت افسوسناک سانحہ ہے جو دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس واقعے کی مکمل تحقیقات کرے گی اور واقعے میں ملوث عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا وزیراعلیٰ نے شہید کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کے بلند درجات اور لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا کی انہوں نے جھڑپ میں زخمی ہونے والے میر عطاء الرحمن مینگل کے فرزند میر مطیع الرحمن مینگل کی جلد صحتیابی کے لئے بھی دعا کی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور حکومت دہشتگردی کے خلاف یکجہتی اور حوصلے کے ساتھ کھڑے ہیں اور اس ناسور کے خاتمے تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔

## وزیراعلیٰ، گورنر اور وزراء کی جسٹس جمال مندوخیل کی رہائشگاہ آمد، تعزیت کی

ژوب (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور وزیراعلیٰ بلوچستان (باقی صفحہ 5 نمبر 22)

میر سرفراز بگٹی سپریم کورٹ آف پاکستان کے جسٹس جمال خان مندوخیل اور پیپلز پارٹی کے رہنما سینیٹر بلال خان مندوخیل سے ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کیلئے ان کی رہائش گاہ ژوب پہنچے۔ انہوں نے مرحومہ کیلئے فاتحہ خوانی اور سوگوار خاندان کے ساتھ تعزیت کرتے ہوئے ان کی والدہ کی وفات پر اپنی گہری ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ گورنر بلوچستان اور وزیراعلیٰ کے ہمراہ کئی صوبائی وزراء اور اراکین بھی تھے جن میں بخت محمد کاکڑ، نور محمد دمڑ، زمرک خان اچکزئی، حاجی فضل قادر مندوخیل اور میر یونس زہری شامل تھے۔



ژوب، گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل اور سینیٹر بلال خان مندوخیل کی والدہ کی وفات پر تعزیت وفاتحہ خوانی کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RE[...]

نظامت [...] حکو[...]

Bullet No.                No. 5



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بینظیر بھٹو کی 72 ویں سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں


THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب

حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-3

قیمت 40 روپے — صفحات 8

www.dailyintekhab.pk

Hub Ph: 0853-363533

Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 37 بروز اتوار 22 جون 2025ء بمطابق 25 ذی الحجہ 1446ھ شمارہ نمبر 169


بلوچستان اسمبلی

# کالج منصوبہ بجٹ سے نکالنے پر اپوزیشن کا واک آؤٹ، عوام سے زیادتی نہیں ہونے دینگے

وزیر اعلیٰ

بجٹ کی تیاری کے موقع پر ایک فارمولے کے تحت پرانے منصوبوں کو دیکھا گیا اور بعض منصوبے لیس کیے گئے، اپوزیشن لیڈر اس سلسلے میں چیمبر میں بات کریں

جھالاوان میڈیکل کالج کو بجٹ سے نکالنا خطرناک ہے، ڈاکٹر مالک بلوچ، کالج میں کافی کام ہو چکا اب منصوبے کو کیوں پی ایس ڈی پی سے نکالا جا رہا ہے، یونس عزیز زہری

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جھالاوان میڈیکل کالج کا منصوبہ بجٹ سے نکالنے پر اپوزیشن کا واک آؤٹ، وزیر اعلیٰ نے اجلاس کرکے معاملے سے آگاہ کرنے کی یقین دہانی کروادی۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ہفتہ کو پونے گھنٹے کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں شروع ہوا۔ اجلاس میں بلوچستان کے مالی سال 2025.26 کے بجٹ دوسرے روز بھی ارکان نے عام بجٹ میں حصہ لیا۔ اجلاس میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے کہا

بقیہ نمبر 71 صفحہ 7 پر

کہ جھالاوان میڈیکل کالج کے منصوبے کو پی ایس ڈی پی سے نکال دیا گیا ہے جس پر میں پہلے بھی بات کی، وزیر اعلیٰ منصوبے کو پی ایس ڈی پی میں شامل کرنے کی ایوان میں یقین دہانی کرائیں۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بجٹ کی تیاری کے موقع پر ایک فارمولے کے تحت پرانے منصوبوں کو دیکھا گیا اور بعض منصوبے کیپس کیے گئے، اپوزیشن لیڈر اس سلسلے میں چیمبر میں بات کریں، منصوبے پر فوری طور پر کچھ کہنے کی بجائے معاملے پر دوبارہ بات کرکے ہی کچھ کہوں گا۔ نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ جھالاوان میڈیکل کالج کو بجٹ سے نکالنا خطرناک ہے، انہوں نے کہا کہ کالج کی عمارت مکمل ہونے کے بعد ہی پی ایم ڈی سی کالج کو مکمل طور پر ریکگنائز کرے گا اگر منصوبے کو پی ایس ڈی پی سے نکال دیا گیا تو کالج سے اب تک فارغ التحصیل ڈاکٹروں کے کئی بیچ اور وہاں زیر تعلیم طلبا و طالبات کا مستقبل متاثر ہوگا، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ کالج میں کافی کام ہو چکا ہے اب منصوبے کو کیوں پی ایس ڈی پی سے نکالا جا رہا ہے، میں اس فلور پر پہلے بھی منصوبے کے پی ڈی کے حوالے سے بات کر چکا ہوں، حکومت کی کوتاہی کے ہم ذمہ دار نہیں، مذکورہ پی ڈی کی انکوائری رپورٹ کیوں سامنے نہیں لائی جا رہی ہے۔ بعد ازاں منصوبے کو پی ایس ڈی پی میں شامل نہ کیے جانے کے خلاف انہوں نے ایوان سے واک آؤٹ کیا، اپوزیشن کے دیگر ارکان نے بھی ان کے ہمراہ واک آؤٹ کیا۔ اس موقع پر پینل آف چیئرمین کے رکن علی مدد جتک نے حکومتی ارکان کو اپوزیشن ارکان کو منانے کے لئے بھیجا جس پر اپوزیشن ارکان بائیکاٹ ختم کرکے ایوان میں واپس آگئے، علی مدد جتک نے ایوان میں واپس آنے پر اپوزیشن ارکان کو خوش آمدید کہا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ منصوبے کی افادیت سے انکار نہیں، پہلے بھی کہا کہ اس کو دیکھیں گے، میں فلور پر جو بات کروں گا وہ پوری ذمہ داری سے کروں گا۔ حکومت کسی اہم چیز کا کوئی نقصان نہیں کرے گی، عوامی نوعیت کے کسی منصوبے کو نظر انداز نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج اپوزیشن کا حق ہے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ خضدار کے لوگوں کے ساتھ زیادتی نہیں کریں گے۔ عوامی نیشنل پارٹی کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان نے آئندہ مالی سال کے بجٹ پر عام بحث میں حصہ لیتے ہوئے کہا کہ بجٹ ایک سال کے لئے ہوتا ہے، آئندہ مالی سال کا بجٹ پیش کیے جانے سے پہلے بجٹ میں ہم پچھلے سال کی کارکردگی دیکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی بجٹ میں جو ترقیاتی فنڈز رکھے گئے ہیں وہ تمام استعمال ہونے چاہئیں۔ تمام منصوبے محکموں کے ذریعے مکمل کیے جائیں۔ ترقیاتی منصوبے ضرورت اور میرٹ کی بنیاد پر بنائے جائیں۔ بجٹ میں تعلیم، صحت، زراعت، محکمہ پانی، امن وامان اور شاہراہوں پر توجہ دی جائے۔ جمعیت علما اسلام کے رکن ڈاکٹر نواز کبزئی نے کہا کہ ژوب کے علاقے کبزئی میں 1947 سے اب تک کوئی ترقیاتی منصوبہ نہیں دیا گیا، پہلی بار نئے مالی سال کے بجٹ میں فنڈز رکھے گئے ہیں، وزیر اعلیٰ کی کوششوں سے وفاقی حکومت نے قومی شاہراہ کی تعمیر کے لئے وفاقی بجٹ میں 15 ارب روپے رکھے ہیں اس سے عوام کو سہولیات میسر آئیں گی۔ نیشنل پارٹی کے رکن رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ ایران اسرائیل کشیدگی کے باعث بلوچستان پر اثرات پڑ رہے ہیں، ایران کی سرحد کے قریب واقع اضلاع میں اشیائے خورد ونوش اور پٹرول کی قلت پیدا ہوگئی ہے۔ حکومت صورتحال پر توجہ دے۔ صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی ظہور بلیدی نے بجٹ پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ 2025.26 کا بجٹ متوازن ہے، بجٹ میں تمام سیکٹر کو اہمیت دی گئی ہے، 1028 روپے کے بجٹ میں ترقیاتی فنڈز 249 ارب روپے ہیں، بجٹ میں سوشل پروٹیکشن کو اولیت دی گئی ہے جس کے تحت اربوں روپے کے منصوبے شامل ہیں، نوجوانوں کو کاروبار کے لئے اربوں روپے سے قرض دیے جائیں گے۔ بعد ازاں بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 23 جون سہ پہر تین بجے تک ملتوی کر دیا گیا۔

میر سرفراز بگٹی

# بینظیر بھٹو نے ملکی دفاع ناقابل تسخیر بنایا، میزائل پروگرام کی بنیاد رکھی

صوبے میں پیپلز ایئر ایمبولینس کا قیام عمل میں آچکا ہے، پیپلز ٹرین کا بھی آغاز کیا جا رہا ہے، تقریب سے خطاب

بھٹو خاندان کی پاکستان کیلئے لازوال قربانیاں رہتی دنیا تک یاد رکھی جائے گی، شاید قرض بھی اتارا نہ جا سکے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شہید جمہوریت بے نظیر بھٹو نہ صرف پاکستان بلکہ پورے ایشیا اور دنیا کی ایک عظیم اور باوقار رہنما تھیں، جنہوں نے اپنی جدوجہد، سیاسی بصیرت اور جمہوری عزم کے ذریعے ایک منفرد مقام حاصل کیا ہم آج یہاں ان کی 72 ویں سالگرہ کے موقع پر ان کی قربانیوں، خدمات

بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر

اور یادوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے جمع ہوئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ بھٹو خاندان نے پاکستان کے لیے جو لازوال قربانیاں دی ہیں، وہ رہتی دنیا تک یاد رکھی جائیں گی اور ان کا قرض شاید کبھی اتارا نہ جا سکے یہ بات انہوں نے ہفتے کے روز کوئٹہ میں شہید جمہوریت بینظیر بھٹو کی 72 ویں سالگرہ کی ایک پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں پارٹی قائدین، کارکنان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی اس موقع پر بینظیر بھٹو کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کا فیصلہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے کیا اور جب یہ احساس پیدا ہوا کہ ایٹم بم بغیر میزائل کے صرف ذخیرہ شدہ طاقت ہے تو پاکستان کے میزائل پروگرام کا آغاز کرنے کا تاریخی فیصلہ بھی پیپلز پارٹی کی قیادت نے کیا یہ اعزاز شہید بے نظیر بھٹو کو حاصل ہے کہ انہوں نے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کے لیے میزائل پروگرام کی بنیاد رکھی جس کا ثمر آج پوری قوم سمیٹ رہی ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پیپلز ایئر ایمبولینس کا قیام عمل میں آچکا ہے جو جلد فعال ہو جائے گی عوام کی سہولت کے لیے سریاب سے کچلاک تک پیپلز ٹرین سروس کا آغاز کیا جا رہا ہے صوبے کی تاریخ میں پہلی بار بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام شروع کیا گیا ہے جس سے ہزاروں طلبہ مستفید ہو رہے ہیں تعلیم اور صحت کے شعبوں میں اصلاحات کا سلسلہ جاری ہے جبکہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بحالی کا عمل بھی تیزی سے مکمل کیا جا رہا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے جب بھی ملاقات ہوتی ہے وہ سیلاب متاثرین کی بحالی اور پارٹی کے عام کارکن کی بہتری کا دریافت کرتے ہیں ان کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ہم نے این آئی سی وی ڈی منصوبے پر تیزی سے کام مکمل کیا ہے جس کا افتتاح بلاول بھٹو زرداری خود کریں گے اس کے علاوہ سیلاب متاثرین کے لیے 8 ہزار مکانات کی تعمیر مکمل کی جا چکی ہے جن کی چابیاں بھی جلد ہی مستحقین میں تقسیم کی جائیں گی۔

## وزیر اعلیٰ کا جسٹس جمال مندوخیل کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل اور سینیٹر بلال خان مندوخیل کی والدہ کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے ایک تعزیتی بیان میں وزیر اعلیٰ نے مرحومہ کے روح کے ایصال ثواب، بلند درجات اور سوگوار خاندان کے لئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل بی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات

www.dailyintekhab.PK
intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph: 081-2822909

جلد نمبر 32 | بروز پیر 23/جون 2025ء بمطابق 26/ذی الحجہ 1446ھ | شمارہ نمبر 170


میر سرفراز بگٹی

# توانائی ایندھن اور خوراک کیلئے ہنگامی اقدامات کر رہے ہیں

سرحدی علاقوں میں اشیائے خوردونوش کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے موثر اقدامات جاری رکھے جائیں، وزیراعلیٰ

وفاق سے رابطے کے ذریعے توانائی اور ایندھن کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے اقدامات کو نتیجہ خیز بنایا جارہا ہے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت ایران بارڈر سے ملحقہ اضلاع کی موجودہ صورتحال سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا، جس میں سرحدی علاقوں میں اشیائے خورد ونوش، ایندھن کی فراہمی کے ساتھ ساتھ زائرین، طالب علموں کی واپسی اور امن وامان کی مجموعی صورتحال کے بقیہ نمبر 64 صفحہ 5 پر

اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے جہانزیب خان، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند، ڈائریکٹر ایف آئی اے بہرام خان مندوخیل، محکمہ داخلہ کے حکام نے شرکت کی جبکہ انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری، کمشنر مکران ڈویژن کمشنر رخشان ڈویژن اور ایران سے متصل اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے، اجلاس کے دوران مختلف اداروں کی جانب سے موجودہ انتظامات اور مستقبل کے لائحہ عمل پر بریفنگ دی گئی اجلاس کو بتایا گیا کہ فی الحال بلوچستان کے ایرانی سرحد سے متصل علاقوں میں کسی قسم کی غذائی قلت درپیش نہیں اس موقع پر وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ سرحدی علاقوں میں اشیائے خورد ونوش کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے موثر اقدامات جاری رکھے جائیں تاکہ عوام کو کسی قسم کی دشواری نہ ہو وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہدایت کی کہ بجلی اور ایل پی جی کی فراہمی کو برقرار رکھنے کے لئے متبادل ذرائع کی حکمت عملی پر عمل درآمد کیا جائے انہوں نے بتایا کہ وفاقی حکومت سے رابطے کے ذریعے توانائی اور ایندھن کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کو نتیجہ خیز بنایا جارہا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بارڈر ایریا میں پیٹرول کی فراہمی کے لیے وفاقی وزارت پیٹرولیم سے رابطہ جاری ہے تاکہ مقامی آبادی کو ایندھن کی قلت کا سامنا نہ ہو۔

## گورنر اور وزیراعلیٰ وصوبائی وزراء مختصر دورہ پر ژوب پہنچ گئے

جسٹس جمال مندوخیل اور بلال خان مندوخیل کی والدہ کی وفات پر تعزیت کا اظہار

ژوب (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اتوار کے روز گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، صوبائی وزراء اور اراکین بلوچستان اسمبلی کے ہمراہ ایک روزہ مختصر بقیہ نمبر 71 صفحہ 5 پر

دورے پر ژوب پہنچے۔ جہاں انہوں نے سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل اور پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر بلال خان مندوخیل سے انکی والدہ کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا اور فاتحہ خوانی کی وزیراعلیٰ کے ہمراہ صوبائی وزراء نور محمد دومڑ، بخت محمد کاکڑ، اور اراکین بلوچستان اسمبلی زمرک خان اچکزئی و میر یونس عزیز زہری بھی موجود تھے۔ ژوب آمد پر کمشنر ژوب ڈویژن، ڈی آئی جی، ڈپٹی کمشنر ژوب محبوب احمد، اسسٹنٹ کمشنر محمد نوید عالم، ایس پی اور اے ڈی سی اورنگزیب کاسی سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے وزیراعلیٰ اور وفد کا استقبال کیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور دیگر نے مرحومہ کی مغفرت اور لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا کی۔

## عطاء الرحمان پر دہشت گردوں کا حملہ بزدلانہ کاروائی ہے، سرفراز بگٹی

صوبائی حکومت اس افسوسناک واقعہ کی مکمل اور شفاف تحقیقات کرے گی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق وزیر مملکت، نگراں وزیراعلیٰ وسابق سینیٹر میر نصیر مینگل کے فرزند میر عطاء الرحمن مینگل کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے شہید کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ بقیہ نمبر 69 صفحہ 5 پر

صوبائی حکومت دکھ کی اس گھڑی میں شہید کے اہل خانہ کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔ میر مطیع الرحمن مینگل کے حملے میں زخمی ہونے پر وزیراعلیٰ نے ان کی جلد صحتیابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ میر عطاالرحمن مینگل پر دہشت گردوں کا حملہ ایک بزدلانہ اور قابل مذمت عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس افسوسناک واقعے کی مکمل اور شفاف تحقیقات کرے گی، اور ملوث عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ میر سرفراز بگٹی نے مزید کہا کہ بلوچستان کے عوام اور حکومت دہشت گردی کے خلاف متحد ہیں اور ایسی بزدلانہ کارروائیاں ہمارے عزم کو کمزور نہیں کرسکتیں۔



ژوب: گورنر، وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزراء چیف جسٹس جمال خان مندوخیل کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

CLIPPING
RE
Bullet No.

MEMBER APNS
بے شک اللہ تعالیٰ بہت باریک بین اور باخبر ہے (القرآن)
ABC CERTIFIED
THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی اکرام اللہ خان
جلد 29 — پیر 23 جون 2025ء بمطابق 26 ذوالحجہ 1446ھ قیمت 20 روپے — شمارہ 169



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سرحدی اضلاع کی صورتحال سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# سرحدی علاقوں میں اشیائے خورد و نوش کی فراہمی ممکن بنائی جائے، وزیراعلیٰ بلوچستان

وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیرصدارت ایران بارڈر سے ملحقہ اضلاع کی موجودہ صورتحال سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا ایڈیشنل چیف سیکرٹری سمیت دیگر سیکرٹریز وزیراعلیٰ حکام نے شرکت کی

## بجلی اور ایل پی جی اور پٹرول کی فراہمی برقرار رکھنے کیلئے متبادل ذرائع کی حکمت عملی پر عمل کیا جائے ضرورت کے تحت ہنگامی پلان تیار رکھا جائے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت ایران بارڈر سے ملحقہ اضلاع کی موجودہ صورتحال سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا، جس میں سرحدی علاقوں میں اشیائے خورد و نوش، ایندھن کی فراہمی کے ساتھ ساتھ زائرین، طالب علموں کی واپسی اور امن و امان کی مجموعی صورتحال کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے جہانزیب خان، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند، ڈائریکٹر ایف آئی اے بہرام خان مندوخیل، محکمہ داخلہ کے حکام نے شرکت کی جبکہ انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری، کمشنر مکران ڈویژن کمشنر رخشان ڈویژن اور ایران سے متصل اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے، اجلاس کے دوران مختلف اداروں کی جانب سے موجودہ انتظامات اور مستقبل کے لائحہ عمل پر بریفنگ دی گئی اجلاس کو بتایا گیا کہ فی الحال بلوچستان کے ایرانی سرحد سے متصل علاقوں میں کسی قسم کی غذائی قلت درپیش نہیں اس موقع پر وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ سرحدی علاقوں میں اشیائے خورد و نوش کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں تاکہ عوام کو کسی قسم کی دشواری نہ ہو وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہدایت کی کہ بجلی اور ایل پی جی کی فراہمی کو برقرار رکھنے کے لیے متبادل ذرائع کی حکمت عملی پر عمل درآمد کیا جائے انہوں نے بتایا کہ وفاقی حکومت سے رابطے کے ذریعے توانائی اور ایندھن کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کو نتیجہ خیز بنایا جا رہا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بارڈر ایریا میں پیٹرول کی فراہمی کے لیے وفاقی وزارت پیٹرولیم سے رابطہ جاری ہے تاکہ مقامی آبادی کو ایندھن کی قلت کا سامنا نہ ہو۔ انہوں نے زور دیا کہ بارڈر کی مقامی آبادی کو خوراک و ایندھن کی قلت سے محفوظ رکھنے کے لیے بروقت اور مربوط اقدامات ضروری ہیں انہوں نے ہدایت کی کہ پی ڈی ایم اے کسی بھی غیر معمولی یا ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے کنٹی جنسی پلان تیار رکھے تاکہ فوری ردعمل ممکن ہو انہوں نے متعلقہ کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو تاکید کی کہ وہ تمام صورتحال پر کڑی نظر رکھیں اور عوامی مسائل کے حل کو اولین ترجیح دی جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ زائرین اور طالب علموں کی بحفاظت وطن واپسی باعث اطمینان ہے اور ان کے محفوظ سفر کے لیے کیے گئے اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان ہر سطح پر عوامی ریلیف کے اقدامات میں سنجیدہ ہے اور تمام اداروں کو ہم آہنگی سے کام کرنے کی ضرورت ہے تاکہ سرحدی علاقوں میں بسنے والے شہری خود کو محفوظ محسوس کریں۔

# گورنر اور وزیراعلیٰ کی ژوب آمد، جسٹس جمال اور بلاول مندوخیل کی والدہ کیلئے تعزیت

## مرحومہ کیلئے فاتحہ خوانی، سوگوار خاندان سے اظہار ہمدردی، صوبائی وزراء بھی ہمراہ تھے

ژوب (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آج سپریم کورٹ آف پاکستان کے جسٹس جمال خان مندوخیل اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سینیٹر بلاول خان مندوخیل سے ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کیلئے ان کی رہائش گاہ ژوب پہنچے۔ انہوں نے مرحومہ کیلئے فاتحہ خوانی کی اور سوگوار خاندان کے ساتھ تعزیت کرتے ہوئے ان کی والدہ کی وفات پر اپنی گہری ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ گورنر بلوچستان اور وزیراعلیٰ کے ہمراہ کئی صوبائی وزراء اور اراکین بلوچستان اسمبلی بھی تھے جن میں بخت محمد کاکڑ، نور محمد دمڑ، زمرک خان اچکزئی، حاجی فضل قادر مندوخیل اور میر یونس زہری شامل تھے۔

# میر عطاء الرحمٰن مینگل کی شہادت نہایت افسوسناک سانحہ ہے، وزیراعلیٰ

## حکومت واقعے کی مکمل تحقیقات، ملوث عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لائیگی، تعزیتی بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وڈھ کے علاقے آڑنجی اوراک میں دہشتگردوں کے حملے کے دوران سابق وزیر مملکت اور سابق نگران وزیراعلیٰ بلوچستان اور پاکستان کے سابق سفیر برائے قطر میر محمد نصیر مینگل کے فرزند میر عطاء الرحمٰن مینگل کی شہادت پر دلی رنج و غم کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ میر عطاء الرحمٰن مینگل کی شہادت نہایت افسوسناک سانحہ ہے جو دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس واقعے کی مکمل تحقیقات کرے گی اور واقعے میں ملوث عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا وزیراعلیٰ نے شہید کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کے بلند درجات اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی انہوں نے جھڑپ میں زخمی ہونے والے میر عطاء الرحمٰن مینگل کے فرزند میر ملیح الرحمٰن مینگل کی جلد صحتیابی کے لیے بھی دعا کی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور حکومت دہشتگردی کے خلاف یکجہتی اور حوصلے کے ساتھ کھڑے ہیں، اور اس ناسور کے خاتمے تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔



ژوب، وزیراعلیٰ اور گورنر بلوچستان جسٹس جمال خان مندوخیل کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

DIRECTO
GENERAL O
RELATIONS BA

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 8

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | پیر 23 جون 2025ء بمطابق 26 ذی الحجہ 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-168

# سرحدی علاقوں میں اشیائے خوردونوش اور پیٹرول کی فراہمی یقینی بنائیں گے

سرفراز بگٹی

## بارڈر ایریا میں پیٹرول کی فراہمی کے لیے وفاقی وزارت پیٹرولیم سے رابطہ جاری ہے تاکہ مقامی آبادی کو ایندھن کی قلت کا سامنا نہ ہو

## زائرین اور طالب علموں کی بحفاظت وطن واپسی باعث اطمینان ہے اور ان کے محفوظ سفر کے لیے کیے گئے اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے

## حکومت بلوچستان ہر سطح پر عوامی ریلیف کے اقدامات میں سنجیدہ ہے، تمام اداروں کو ہم آہنگی سے کام کرنے کی ضرورت ہے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ(ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت ایران بارڈر سے ملحقہ اضلاع کی | موجودہ صورتحال سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ (بقیہ نمبر10 صفحہ نمبر2پر)

میں منعقد ہوا، جس میں سرحدی علاقوں میں اشیائے خورد و نوش، ایندھن کی فراہمی کے ساتھ ساتھ زائرین، طالب علموں کی واپسی اور امن و امان کی مجموعی صورتحال کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے جہانزیب خان، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند، ڈائریکٹر ایف آئی اے بہرام خان مندوخیل، محکمہ داخلہ کے حکام نے شرکت کی جبکہ انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری، کمشنر مکران ڈویژن کمشنر رخشان ڈویژن اور ایران سے متصل اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے، اجلاس کے دوران مختلف اداروں کی جانب سے موجودہ انتظامات اور مستقبل کے لائحہ عمل پر بریفنگ دی گئی اجلاس کو بتایا گیا کہ فی الحال بلوچستان کے ایرانی سرحد سے متصل علاقوں میں کسی قسم کی غذائی قلت درپیش نہیں اس موقع پر وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ سرحدی علاقوں میں اشیائے خورد و نوش کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں تاکہ عوام کو کسی قسم کی دشواری نہ ہو وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہدایت کی کہ بجلی اور ایل پی جی کی فراہمی کو برقرار رکھنے کے لیے متبادل ذرائع کی حکمت عملی پر عمل درآمد کیا جائے انہوں نے بتایا کہ وفاقی حکومت سے رابطے کے ذریعے توانائی اور ایندھن کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کو نتیجہ خیز بنایا جا رہا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بارڈر ایریا میں پیٹرول کی فراہمی کے لیے وفاقی وزارت پیٹرولیم سے رابطہ جاری ہے تاکہ مقامی آبادی کو ایندھن کی قلت کا سامنا نہ ہو۔ انہوں نے زور دیا کہ بارڈر کی مقامی آبادی کو خوراک و ایندھن کی قلت سے محفوظ رکھنے کے لیے بروقت اور مربوط اقدامات ضروری ہیں انہوں نے ہدایت کی کہ پی ڈی ایم اے کسی بھی غیر معمولی یا ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے کنٹی جنسی پلان تیار رکھے تاکہ فوری ردعمل ممکن ہو انہوں نے متعلقہ کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو تاکید کی کہ وہ تمام صورتحال پر کڑی نظر رکھیں اور عوامی مسائل کے حل کو اولین ترجیح دی جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ زائرین اور طالب علموں کی بحفاظت وطن واپسی باعث اطمینان ہے اور ان کے محفوظ سفر کے لیے کیے گئے اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان ہر سطح پر عوامی ریلیف کے اقدامات میں سنجیدہ ہے اور تمام اداروں کو ہم آہنگی سے کام کرنے کی ضرورت ہے تاکہ سرحدی علاقوں میں بسنے والے شہری خود کو محفوظ محسوس کریں۔

## عطاء الرحمٰن مینگل کی شہادت نہایت افسوسناک سانحہ ہے، سرفراز بگٹی

### عوام اور حکومت دہشتگردی کے خلاف یکجہتی اور حوصلے کے ساتھ کھڑے ہیں

کوئٹہ(ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وڈھ کے علاقے آڑنجی اواک میں دہشتگردوں کے حملے کے دوران سابق وزیر مملکت اور سابق نگران وزیراعلیٰ بلوچستان اور پاکستان کے سابق سفیر برائے قطر میر محمد نصیر مینگل کے فرزند میر عطاء الرحمٰن مینگل کی (بقیہ نمبر26 صفحہ نمبر2پر)

شہادت پر دلی رنج و غم کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ میر عطاء الرحمٰن مینگل کی شہادت نہایت افسوسناک سانحہ ہے جو دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس واقعے کی مکمل تحقیقات کرے گی اور واقعے میں ملوث عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا وزیراعلیٰ نے شہید کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کے بلند درجات اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی انہوں نے جھڑپ میں زخمی ہونے والے میر عطاء الرحمٰن مینگل کے فرزند میر ملیح الرحمٰن مینگل کی جلد صحتیابی کے لیے بھی دعا کی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور حکومت دہشتگردی کے خلاف یکجہتی اور حوصلے کے ساتھ کھڑے ہیں، اور اس ناسور کے خاتمے تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی

## وزیراعلیٰ بلوچستان کی ژوب آمد جسٹس جمال کی والدہ کے انتقال پر فاتحہ خوانی کی

ژوب (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اتوار کے روز گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، صوبائی وزراء اور اراکین بلوچستان اسمبلی کے ہمراہ ایک روزہ مختصر دورے پر ژوب پہنچے جہاں انہوں نے سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل اور پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر بلال خان مندوخیل (بقیہ نمبر19 صفحہ نمبر7پر)

سے ان کی والدہ کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا اور فاتحہ خوانی کی وزیراعلیٰ کے ہمراہ صوبائی وزراء نور محمد دمڑ، بخت محمد کاکڑ اور اراکین بلوچستان اسمبلی زمرک خان اچکزئی و میر یونس عزیز زہری بھی موجود تھے ژوب آمد پر کمشنر ژوب ڈویژن، ڈی آئی جی، ڈپٹی کمشنر ژوب محبوب احمد، اسسٹنٹ کمشنر محمد نوید عالم، ایس پی اور اے ڈی سی اور تحریب کاسی سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے وزیراعلیٰ اور وفد کا استقبال کیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور دیگر نے مرحومہ کی مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ و گورنر بلوچستان جسٹس جمال مندوخیل کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

D...
GEN...
RELAT...

نظامت اعلیٰ تعلقا...
حکومت بلوچ...

Bullet No. 1

Page No. 9

روزنامہ

کوئٹہ

بانی مولانا عبدالکریم

بیاد جمیل الرحمن

# میزان

چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 76 | پیر 23 جون 2025، 26 ذوالحجہ 1446ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 286

# حکومت عوامی ریلیف کے اقدامات میں سنجیدہ ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

فی الحال بلوچستان کے ایرانی سرحد سے متصل علاقوں میں کسی قسم کی غذائی قلت درپیش نہیں، بریفنگ، سرحدی علاقوں میں اشیائے خورد و نوش کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں تاکہ عوام کو کسی قسم کی دشواری نہ ہو، وزیر اعلیٰ بلوچستان

بارڈر ایریا میں پیٹرول کی فراہمی کے لیے وفاقی وزارت پیٹرولیم سے رابطہ جاری ہے تاکہ مقامی آبادی کو ایندھن کی قلت کا سامنا نہ ہو، پی ڈی ایم اے کسی بھی غیر معمولی یا ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ایمرجنسی پلان تیار رکھے تاکہ فوری ردعمل ممکن ہو، ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت ایران بارڈر سے ملحقہ اضلاع کی موجودہ صورتحال سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا، جس میں سرحدی علاقوں میں اشیائے (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

خورد و نوش، ایندھن کی فراہمی کے ساتھ ساتھ زائرین، طالب علموں کی واپسی اور امن و امان کی مجموعی صورتحال کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے جہانزیب خان، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند، ڈائریکٹر ایف آئی اے بہرام خان مندوخیل، محکمہ داخلہ کے حکام نے شرکت کی جبکہ انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری، کمشنر مکران ڈویژن کمشنر رخشان ڈویژن اور ایران سے متصل اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے، اجلاس کے دوران مختلف اداروں کی جانب سے موجودہ انتظامات اور مستقبل کے لائحہ عمل پر بریفنگ دی گئی اجلاس کو بتایا گیا کہ فی الحال بلوچستان کے ایرانی سرحد سے متصل علاقوں میں کسی قسم کی غذائی قلت درپیش نہیں اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ سرحدی علاقوں میں اشیائے خورد و نوش کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں تاکہ عوام کو کسی قسم کی دشواری نہ ہو وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ہدایت کی کہ بجلی اور ایل پی جی کی فراہمی کو برقرار رکھنے کے لیے متبادل ذرائع کی حکمت عملی پر عمل درآمد کیا جائے انہوں نے بتایا کہ وفاقی حکومت سے رابطے کے ذریعے توانائی اور ایندھن کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کو نتیجہ خیز بنایا جا رہا ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بارڈر ایریا میں پیٹرول کی فراہمی کے لیے وفاقی وزارت پیٹرولیم سے رابطہ جاری ہے تاکہ مقامی آبادی کو ایندھن کی قلت کا سامنا نہ ہو۔ انہوں نے زور دیا کہ بارڈر کی مقامی آبادی کو خوراک و ایندھن کی قلت سے محفوظ رکھنے کے لیے بروقت اور مربوط اقدامات ضروری ہیں انہوں نے ہدایت کی کہ پی ڈی ایم اے کسی بھی غیر معمولی یا ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے کنٹی جنسی پلان تیار رکھے تاکہ فوری ردعمل ممکن ہو انہوں نے متعلقہ کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو تاکید کی کہ وہ تمام صورتحال پر کڑی نظر رکھیں اور عوامی مسائل کے حل کو اولین ترجیح دی جائے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ زائرین اور طالب علموں کی بحفاظت وطن واپسی باعث اطمینان ہے اور ان کے محفوظ سفر کے لیے کیے گئے اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان ہر سطح پر عوامی ریلیف کے اقدامات میں سنجیدہ ہے اور تمام اداروں کو ہم آہنگی سے کام کرنے کی ضرورت ہے تاکہ سرحدی علاقوں میں بسنے والے شہری خود کو محفوظ محسوس کریں۔

# دہشتگردی جیسے ناسور کے خاتمے تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی، سرفراز بگٹی

میر عطاء الرحمن مینگل کی شہادت نہایت افسوسناک سانحہ ہے جو دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائی کا نتیجہ ہے، حکومت بلوچستان اس واقعے کی مکمل تحقیقات کرے گی

واقعے میں ملوث عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا، وزیر اعلیٰ نے شہید کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار، بلوچستان کے عوام اور حکومت دہشتگردی کے خلاف یکجہتی اور حوصلے کے ساتھ کھڑے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وڈھ کے علاقے آڑنجی اوراک میں دہشتگردوں کے حملے کے دوران سابق وزیر مملکت اور سابق نگران وزیر اعلیٰ بلوچستان اور پاکستان کے سابق سفیر برائے قطر میر محمد نصیر مینگل کے فرزند میر عطاء الرحمن مینگل کی شہادت پر دلی رنج و غم کا اظہار کیا ہے وزیر اعلیٰ نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ میر عطاء الرحمن مینگل کی شہادت نہایت افسوسناک سانحہ ہے جو دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائی کا نتیجہ (بقیہ 36 صفحہ 7 پر)

ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس واقعے کی مکمل تحقیقات کرے گی اور واقعے میں ملوث عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا وزیر اعلیٰ نے شہید کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کے بلند درجات اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی انہوں نے جھڑپ میں زخمی ہونے والے میر عطاء الرحمن مینگل کے فرزند میر مطیع الرحمن مینگل کی جلد صحتیابی کے لیے بھی دعا کی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور حکومت دہشتگردی کے خلاف یکجہتی اور حوصلے کے ساتھ کھڑے ہیں، اور اس ناسور کے خاتمے تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔

# گورنر، وزیر اعلیٰ بلوچستان اور دیگر حکام کی ژوب آمد

سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل اور سینیٹر بلال خان مندوخیل سے ان کی والدہ محترمہ کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا اور فاتحہ خوانی

صوبائی وزراء نور محمد دومڑ، بخت محمد کاکڑ، اور اراکین بلوچستان اسمبلی زمرک خان اچکزئی و میر یونس عزیز زہری بھی موجود تھے

ژوب (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اتوار کے روز گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، صوبائی وزراء اور اراکین بلوچستان اسمبلی کے ہمراہ ایک روزہ مختصر دورے پر ژوب پہنچے جہاں (بقیہ [illegible] صفحہ 2 پر)

انہوں نے سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل اور پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر بلال خان مندوخیل سے ان کی والدہ محترمہ کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا اور فاتحہ خوانی کی وزیر اعلیٰ کے ہمراہ صوبائی وزراء نور محمد دومڑ، بخت محمد کاکڑ، اور اراکین بلوچستان اسمبلی زمرک خان اچکزئی و میر یونس عزیز زہری بھی موجود تھے۔ ژوب آمد پر کمشنر ژوب ڈویژن، ڈی آئی جی، ڈپٹی کمشنر ژوب محبوب احمد، اسسٹنٹ کمشنر محمد نوید عالم، ایس پی اور اے ڈی سی اورنگزیب کاسی سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے وزیر اعلیٰ اور وفد کا استقبال کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور دیگر نے مرحومہ کی مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 16

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال | چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | پیر 23 جون 2025، 26 ذوالحجہ 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 170

# بارڈر ایریا میں کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان

## وفاقی حکومت سے رابطے کے ذریعے توانائی اور ایندھن کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کو نتیجہ خیز بنایا جا رہا ہے، میر سرفراز بگٹی

## زائرین اور طالب علموں کی بحفاظت وطن واپسی باعث اطمینان ہے اور ان کے محفوظ سفر کے لیے کیے گئے اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت ایران بارڈر سے ملحقہ اضلاع کی موجودہ صورتحال سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا، جس میں سرحدی علاقوں میں اشیائے خوردونوش، ایندھن کی فراہمی کے ساتھ ساتھ زائرین، طالب علموں کی واپسی اور امن و امان کی مجموعی صورتحال کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے جہانزیب خان، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند، ڈائریکٹر ایف آئی اے بہرام خان مندوخیل، محکمہ داخلہ کے حکام نے شرکت کی جبکہ انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری، کمشنر مکران ڈویژن کمشنر رخشان ڈویژن اور ایران سے متصل اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے، اجلاس کے دوران مختلف اداروں کی جانب سے موجودہ انتظامات اور مستقبل کے لائحہ عمل پر بریفنگ دی گئی اجلاس کو بتایا گیا کہ فی الحال بلوچستان کے ایرانی سرحد سے متصل علاقوں میں کسی قسم کی غذائی قلت درپیش نہیں اس موقع پر وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ سرحدی علاقوں میں اشیائے خورد و نوش کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں تاکہ عوام کو کسی قسم کی دشواری نہ ہو وزیراعلیٰ بلوچستان نے ہدایت کی کہ بجلی اور ایل پی جی کی فراہمی کو برقرار رکھنے کے لیے متبادل ذرائع کی حکمت عملی پر عمل درآمد کیا جائے انہوں نے بتایا کہ وفاقی حکومت سے رابطے کے ذریعے توانائی اور ایندھن کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کو نتیجہ خیز بنایا جا رہا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بارڈر ایریا میں پیٹرول کی فراہمی کے لیے وفاقی وزارت پیٹرولیم سے رابطہ جاری ہے تاکہ مقامی آبادی کو ایندھن کی قلت کا سامنا نہ ہو۔ انہوں نے زور دیا کہ بارڈر کی مقامی آبادی کو خوراک و ایندھن کی قلت سے محفوظ رکھنے کے لیے بروقت اور مربوط اقدامات ضروری ہیں انہوں نے ہدایت کی کہ پی ڈی ایم اے کسی بھی غیر معمولی یا ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے کنٹی جنسی پلان تیار رکھے تاکہ فوری ردعمل ممکن ہو۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بارڈر ایریا اضلاع کی صورتحال سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

### گورنر اور وزیراعلیٰ بلوچستان کی ژوب آمد جسٹس جمال مندوخیل سے تعزیت کی

ژوب (اے این این) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ روزی خان بڑیچ کی ژوب آمد جسٹس جمال مندوخیل سے تعزیت کی گورنر بلوچستان اور وزیراعلیٰ بلوچستان ژوب پہنچے کے بعد سپریم کورٹ کے جسٹس جمال مندوخیل، پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سینیٹر بلال خان مندوخیل سے انکی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی اور تعزیت کی۔۔ صوبائی وزراء نور محمد دومڑ، بخت محمد کاکڑ، اراکین بلوچستان اسمبلی زمرک اچکزئی، یونس زہری بھی وزیر اعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ ہے۔۔ژوب ایف سی ہیلی پیڈ پہنچے پر اعلیٰ حکام نے انکا استقبال کیا۔۔ کمشنر ژوب ڈویژن، ڈی آئی جی، ڈپٹی کمشنر ژوب محبوب احمد، اسسٹنٹ کمشنر ژوب محمد نوید عالم، ایس پی، اے ڈی سی اور نگزیب کاسی بھی اس موقع پر موجود تھے جبکہ چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس روزی خان بڑیچ سمیت بلوچستان ہائیکورٹ کے ججز نے بھی فاتحہ خوانی کی

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

| جلد | | | | قیمت | | شمارہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 28 | پیر 23 جون 2025ء | 26 ذی الحج | 1446ھ | 10 روپے | MEMBER OF APNS / رجسٹرڈ ڈی سی پی-10 | 125 |

FaX:2839867 Ph :2839851

سرفراز بگٹی

# سرحدی علاقوں میں خوراک اور ایندھن کی فراہمی یقینی بنائیں

## بجلی اور ایل پی جی کی فراہمی کو برقرار رکھنے کے لیے متبادل ذرائع کی حکمت عملی پر عمل درآمد کیا جائے تا کہ مقامی آبادی کو ایندھن کی تنگی کا سامنا نہ ہو

## پی ڈی ایم اے کسی بھی غیر معمولی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے کنٹی جنسی پلان تیار رکھے، زائرین اور طالب علموں کی بحفاظت وطن واپسی باعث اطمینان ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت ایران بارڈر سے ملحقہ اضلاع کی موجودہ صورتحال سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا، جس میں سرحدی علاقوں میں اشیائے خورد ونوش، ایندھن کی فراہمی کے ساتھ ساتھ زائرین، طالب علموں کی واپسی اور امن و امان کی مجموعی صورتحال کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے جہانزیب خان، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند، ڈائریکٹر ایف آئی اے بہرام خان مندوخیل، محکمہ داخلہ کے حکام نے شرکت کی جبکہ انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری، کمشنر کران ڈویژن کمشنر رخشان ڈویژن اور ایران سے متصل اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے، اجلاس کے دوران مختلف اداروں کی جانب سے موجودہ انتظامات اور مستقبل کے لائحہ عمل پر بریفنگ دی گئی اجلاس کو بتایا گیا کہ فی الحال بلوچستان کے ایرانی سرحد سے متصل علاقوں میں کسی قسم کی غذائی تنگی درپیش نہیں اس موقع پر وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ سرحدی علاقوں میں اشیائے خورد و نوش کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں تا کہ عوام کو کسی قسم کی دشواری نہ ہو وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ہدایت کی کہ بجلی اور ایل پی جی کی فراہمی کو برقرار رکھنے کے لیے متبادل ذرائع کی حکمت عملی پر عمل درآمد کیا جائے انہوں نے بتایا کہ وفاقی حکومت سے رابطے کے ذریعے توانائی اور ایندھن کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کو نتیجہ خیز بنایا جا رہا ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بارڈر ایریا میں پیٹرول کی فراہمی کے لیے وفاقی وزارت پیٹرولیم سے رابطہ جاری ہے تا کہ مقامی آبادی کو ایندھن کی تنگی کا سامنا نہ ہو۔

### گورنر اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کا جسٹس جمال خان مندوخیل سے تعزیت وفاتحہ خوانی

ژوب (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اتوار کے روز گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، صوبائی وزراء اور اراکین بلوچستان اسمبلی کے ہمراہ ایک روزہ مختصر دورے پر ژوب پہنچے۔ جہاں انہوں نے سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل اور پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سینیٹر بلال خان مندوخیل سے ان کی والدہ محترمہ کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بارڈر ایریا اضلاع کی صورتحال سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

Daily Qudrat Quetta

روزنامہ قدرت کوئٹہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے — چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

جلد 21 — پیر 23 جون 2025ء، 26 ذی الحجہ 1446ھ — شمارہ 72




کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بارڈر ایریا اضلاع کی صورتحال سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# بارڈر کے قریبی علاقوں کے عوام کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں، وزیراعلیٰ کی ہدایت

## حکومت بلوچستان واقعے کی مکمل اور شفاف تحقیقات کرے گی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

## میر عطاالرحمٰن مینگل پر دہشتگردوں کا حملہ ایک بزدلانہ اور قابل مذمت فعل ہے، جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے

خضدار، کوئٹہ (یو این اے) خضدار میں دہشت گردوں نے قبائلی رہنما میر

بقیہ 11 صفحہ 6 پر

عطاالرحمان مینگل کے قافلے پر حملہ کر دیا، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر جاں بحق ہو گئے جبکہ ان کے بیٹے سمیت چار افراد زخمی ہو گئے۔ واقعہ اس وقت پیش آیا جب میر عطاالرحمان مینگل اپنے ساتھیوں کے ہمراہ آزگی کی جانب جا رہے تھے۔ حملے کے فوراً بعد مقامی افراد اور سیکیورٹی فورسز نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو طبی امداد کے لیے قریبی اسپتال منتقل کیا، جبکہ علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے۔ میر عطاالرحمان مینگل، معروف قبائلی شخصیات میر نصیر مینگل اور میر شفیق الرحمان مینگل کے بھائی تھے، اور علاقے میں ان کا گہرا اثر و رسوخ تھا۔ واقعے کے بعد علاقے میں شدید خوف و ہراس پایا جاتا ہے جبکہ سیکیورٹی ہائی الرٹ کر دی گئی ہے۔

## گورنر وزیراعلیٰ بلوچستان نے جسٹس جمال مندوخیل سے اظہار افسوس کیا

ژوب (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آج سپریم کورٹ آف پا

بقیہ 13 صفحہ 6 پر

کستان کے جسٹس جمال خان مندوخیل اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سینیٹر بلال خان مندوخیل سے ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کیلئے ان کی رہائش گاہ ژوب پہنچے۔ انہوں نے مرحومہ کیلئے فاتحہ خوانی کی اور سوگوار خاندان کے ساتھ تعزیت کرتے ہوئے ان کی والدہ کی وفات پر اپنی گہری ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ گورنر بلوچستان اور وزیر اعلیٰ کے ہمراہ کئی صوبائی وزراء اور اراکین بلوچستان اسمبلی بھی تھے جن میں بخت محمد کاکڑ، نور محمد دمڑ، زمرک خان اچکزئی، حاجی فضل قادر مندوخیل اور میر یونس زہری شامل تھے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

13

Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1136 QUETTA Monday June 23, 2025 / Dhul Hijjah 26, 1446 Rs:

# CM reviews border situation with Iran

## Expresses grief over killing of Atta Mengal in terrorist attack

**Staff Report**

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti chaired a high-level meeting at the Chief Minister Secretariat to assess the current situation in districts bordering Iran. The meeting thoroughly reviewed measures for ensuring food and fuel supplies, the return of pilgrims and students, and the overall law and order in these border areas.

Additional Chief Secretary Home Zahid Saleem, Secretary Finance Imran Zarkoon, Director General PDMA Jahanzeb Khan, Spokesperson Balochistan Government Shahid Rind, Director FIA Bahram Khan Mandokhel, and other officials from the Home Department attended the meeting. Inspector General of Police Balochistan Moazzam Jah Ansari, Commissioner Makran Division, Commissioner Rakhshan Division, and Deputy Commissioners of the border districts participated via video link. During the meeting, various institutions briefed the Chief Minister on current arrangements and future action plans. Officials reported that there is currently no critical situation in Balochistan's areas bordering Iran, with no food shortages.

Chief Minister Bugti directed officials to take effective measures to ensure a consistent supply of food and beverages in border areas, preventing any difficulties for residents. He also instructed the implementation of a strategy using alternative sources to maintain electricity and LPG supplies. The Chief Minister noted that communication with the federal government is ongoing to improve the energy and fuel situation, specifically mentioning ongoing discussions with the Federal Ministry of Petroleum for petrol supply in the border areas to prevent fuel shortages for the local population.

Chief Minister Bugti emphasized the necessity of timely and coordinated measures to protect the local population from food and fuel shortages. He directed the Provincial Disaster Management Authority (PDMA) to prepare a contingency plan for any unusual or emergency situation, ensuring a prompt response. He urged concerned commissioners and deputy commissioners to closely monitor the situation and prioritize resolving public issues.

The Chief Minister expressed satisfaction with the safe return of pilgrims and students, calling for more effective measures to ensure their safe journeys. He affirmed the Balochistan government's commitment to public relief measures at all levels and stressed the need for coordination among all institutions to ensure the safety and security of citizens in border areas.



Moreover, Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has expressed deep sorrow and grief over the martyrdom of Mir Atta-ur-Rehman Mengal, son of former Minister of State, former Caretaker Chief Minister of Balochistan and Pakistan's former Ambassador to Qatar, Mir Muhammad Naseer Mengal. The tragic incident occurred during a terrorist attack in the Aranji area of Wadh, district Khuzdar.

In a condolence message issued on Sunday, Chief Minister Bugti condemned the attack, calling it a "cowardly act of terrorism" and a deeply unfortunate incident.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No.

Dated: 23 JUN 2025 Page No.



## حکومت بلوچستان نے بجٹ میں اخباری صنعت کیلئے تاریخی اقدام کا اعلان کیا مگر کیا؟

اخبار فروش جہنوں نے ہمیشہ اخباری صنعت کو پروان چڑھانے میں کردار ادا کیا
ان کے فلاح وبہبود فنڈ بڑھانے اخبار مارکیٹ جہاں قومی مقامی اخبارات تقسیم اور فولڈ ہوتے ہیں
اس کے اخرجات یو ٹیلیٹی بلز وغیرہ کیلئے جو گرانٹ کا اعلان ہوا تھا اور اخبار مارکیٹ کے رنیویگ کیلئے کتنی رقم مختص کی ہے؟؟؟
اس سلسلے میں وزیر اعلی بلوچستان ،وزیر خزانہ حکومت بلوچستان ترجمان حکومت بلوچستان
سیکرٹری اطلاعات حکومت بلوچستان اور ڈی جی پی آر حکومت بلوچستان احکامات جاری کریں

منجانب صدر ،جنرل سیکرٹری ،عہدیداران انجمن فلاح بہبود اخبار فرشاں کوئٹہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. Dated: 23 JUN 2025 Page No.



# اپیل

## وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صاحب

بلوچستان کی اخباری صنعت تقریباً 8 ہزار افراد پر مشتمل ہے۔ بلوچستان میں صرف اخباری صنعت ہی واحد صنعت ہے جو ہزاروں افراد کو روزگار فراہم کررہی ہے۔ یہاں پرائیویٹ سیکٹر نہ ہونے کی وجہ سے پرنٹ میڈیا کا انحصار سرکاری اشتہارات پر ہے لیکن اشتہارات کی BPPRA پر منتقلی سے پرنٹ میڈیا کا ہر شعبہ متاثر ہوگا۔

ہم

امید کرتے ہیں کہ آپ اشتہارات کو BPPRA پر منتقلی کے اقدامات کو مسترد کرکے بلوچستان کے پرنٹ میڈیا کی سرپرستی کریں گے۔

ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 2 3 JUN 2025

Page No. 14

# صحبت پور کے عوام کی خدمت اولین ترجیحات میں شامل ہے، میر سلیم کھوسہ

حالیہ صوبائی بجٹ 2025-26 میں صحبت پور کے عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے نمایاں فنڈز مختص کیے گئے ہیں، صوبائی وزیر

**صحبت پور میں تین نئے بنیادی مراکز صحت (بی ایچ یوز) کے قیام کی منظوری دے دی گئی ہے، جس سے مقامی آبادی کو طبی سہولیات دستیاب ہوں گی**

نصیرآباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ کی قیادت میں ضلع صحبت پور میں محکمہ صحت کے شعبے میں انقلابی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ حالیہ صوبائی بجٹ 2025-26 میں صحبت پور کے عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے نمایاں فنڈز مختص کیے گئے ہیں صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ کی خصوصی کوششوں سے حلقہ انتخاب صحبت پور میں تین نئے بنیادی مراکز صحت (بی ایچ یوز) کے قیام کی منظوری دے دی گئی ہے۔ جس میں ہان علی کھوسہ، میر بہادر خان کھوسہ میر اشیر خان کھوسہ ورکی میں قائم کیے جائیں گے جن سے مقامی آبادی کو ان کی دہلیز پر بنیادی طبی سہولیات دستیاب ہوں گی اس کے علاوہ پہلے سے موجود دو بی ایچ یوز، جھنڈا تالاب اور خان کو اپ گریڈ کر کے رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) کا درجہ دے دیا گیا ہے، جبکہ بی ایچ یو مراد علی اور بی ایچ یو ماشی پور کی مرمت کے لیے بھی فنڈز مختص کروائے گئے ہیں ان مراکز پر سہولیات میں اضافہ اور عملے کی تعداد میں توسیع ممکن ہوگی۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا صحت جیسی بنیادی سہولت ہر شہری کا حق ہے، اور صحبت پور کے عوام کو اس حق کی فراہمی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے صحت کے شعبے میں یہ اقدامات نہ صرف موجودہ دور کی ضرورت ہیں بلکہ ایک خوشحال اور صحت مند بلوچستان کی بنیاد بھی ہیں انہوں نے مزید کہا کہ ان منصوبوں سے ہزاروں افراد مستفید ہوں گے اور یہ حکومت کی صحت کے شعبے میں اصلاحات کے عزم کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ علاوہ ازیں صحبت پور کی عوامی، سیاسی اور سماجی حلقوں کی جانب سے صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ کی کاوشوں کو سراہا جا رہا ہے، اور امید ظاہر کی جا رہی ہے کہ یہ منصوبے جلد از جلد مکمل ہوں گے تاکہ عوامی فائدے کا آغاز ہو سکے۔

# عوام کو ان کی دہلیز پر سہولت فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہیں، حاجی محمد خان لہڑی

بجٹ 2025-26 میں حلقے میں پانچ نئے بنیادی مراکز صحت (بی ایچ یوز) کے قیام کے لیے فنڈز کی منظوری دے دی گئی ہے

**بی ایچ یو فراز آباد لہڑی کو اب رورل ہیلتھ سنٹر (آر ایچ سی) کے درجے پر اپ گریڈ کر دیا گیا ہے، جس سے یہاں طبی سہولیات میں اضافہ ہوگا**

نصیرآباد (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما، رکن بلوچستان اسمبلی اور صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے منصوبہ بندی و ترقیات حاجی میر محمد خان لہڑی نے حلقہ پی بی 14 (تمبو نصیرآباد) میں تعلیم کے بعد صحت کے شعبے کو ترجیحی بنیادوں پر ترقی دینے کا عملی ثبوت دیتے ہوئے مالی سال 2025-26 کے بجٹ میں محکمہ صحت کے لیے کئی انقلابی اقدامات کروائے ہیں بجٹ 2025-26 میں حاجی میر محمد خان لہڑی کی بھرپور کاوشوں سے حلقے میں پانچ نئے بنیادی مراکز صحت (بی ایچ یوز) کے قیام کے لیے فنڈز کی منظوری دے دی گئی ہے۔ منظور شدہ نئے بی ایچ یوز میں درج ذیل علاقوں کو شامل کیا گیا ہے گوٹھ سید احمد شاہ، محسن خان بازہ، ہاسط خان مینگل، امیر بخش مینگل، بی ایچ یو غفور آباد یہ تمام مراکز ان علاقوں کے عوام کو ان کی دہلیز پر طبی سہولیات فراہم کرنے کے مقصد سے قائم کیے جا رہے ہیں جہاں پہلے صحت کی سہولیات انتہائی ناکافی یا نہ ہونے کے برابر تھیں۔ اس کے علاوہ ایک اور بڑی کامیابی یہ ہے کہ حلقے میں پہلے سے موجود بی ایچ یو فراز آباد لہڑی کو اب رورل ہیلتھ سنٹر (آر ایچ سی) کے درجے پر اپ گریڈ کر دیا گیا ہے، جس سے نہ صرف یہاں طبی سہولیات میں اضافہ ہوگا بلکہ ماہر ڈاکٹرز، لیبارٹریز اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی بھی ممکن ہوگی۔ رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ ہماری اولین ترجیح عوام کو بنیادی سہولیات خصوصاً صحت ان کی دہلیز پر فراہم کرنا ہے صحت مند معاشرہ ہی ترقی کی ضمانت ہوتا ہے۔ حلقے کے ہر فرد کو معیاری طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ہم پرعزم ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ ترقیاتی منصوبے موجودہ صوبائی حکومت کے وژن کا حصہ ہیں، جس کا مقصد بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے۔ علاقے کے قبائلی عمائدین، سول سوسائٹی، اور عوامی حلقوں نے حاجی محمد خان لہڑی کے ان عملی اقدامات کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا ہے اور توقع ظاہر کی ہے کہ اسی جذبے کے ساتھ دیگر شعبہ جات میں بھی ترقیاتی عمل جاری رہے گا۔

# صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں متحد و منظم ہے، بخت محمد کاکڑ

2025-26 کا بجٹ متوازن اور عوام دوست ہے حلقہ انتخاب سمیت صوبہ بھر میں جلد ترقیاتی کاموں کا آغاز کریں گے، وزیر صحت

**دہشت گردی کے خاتمے کیلئے سیکورٹی فورسز اور عوام شانہ بشانہ کھڑی ہیں دہشت گردی کا خاتمہ کر کے دم لیں گے، وفود سے بات چیت**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ عوام کو صحت سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں متحد و متفق ہیں اور صوبے کی ترقی و خوشحالی کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہیں 2025-26 کا بجٹ متوازن اور عوام دوست ہے حلقہ انتخاب سمیت صوبہ بھر میں جلد ترقیاتی کاموں کا آغاز کریں گے اور ان کی تکمیل سے عوام مستفید ہوں گے، یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ عوام کو صحت کی سہولیات ادویات سمیت دیگر کی فراہمی کیلئے موجودہ صوبائی حکومت ہنگامی اقدامات اٹھا رہی ہے اور اس سلسلے میں کوئی کوتاہی اور غفلت برداشت نہیں کی جائے گی بلکہ غفلت اور کوتاہی برتنے والوں کے خلاف بھرپور محکمانہ کارروائی کی جائے گی انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز، پیرامیڈیکس سمیت دیگر سٹاف کی غیر حاضری کسی صورت برداشت نہیں کریں گے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں عوامی مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں اور میرٹ پر ہی عوام مسائل حل کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ موجودہ بجٹ میں عوامی اسکیمات شامل کیے ہیں ان کی بروقت تکمیل سے عوام استفادہ حاصل کرے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے سیکورٹی فورسز اور عوام شانہ بشانہ کھڑی ہے دہشت گردی کا خاتمہ کر کے دم لیں گے۔

CamScanner

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 23 JUN 2025 Page No. 5

## امریکہ نے خطے کے امن کو خطرے میں ڈال دیا ہے، شعیب نوشیروانی

### ایران پر امریکی حملے سے بین الاقوامی معاہدوں اور عالمی برادری کے اعتماد کو شدید دھچکہ لگا ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی نے امریکہ کی جانب سے ایران پر حالیہ حملے کو بین الاقوامی قوانین اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ امریکہ نے دو ہفتوں کی سفارتی مہلت کے باوجود ایران پر حملہ کر کے نہ صرف خطے کے امن کو خطرے میں ڈال دیا۔ بلکہ بین الاقوامی معاہدوں اور عالمی برادری کے اعتماد کو بھی شدید دھچکہ پہنچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ "امریکہ کی یہ جارحیت اس کی عالمی ساکھ کو مجروح کر رہی ہے۔ ایک ایسا ملک جو خود کو قانون و انصاف کا علمبردار سمجھتا ہے، جب اپنے

بقیہ نمبر 7 صفحہ 5 پر

ہی وعدوں اور مہلت کی خلاف ورزی کرے گا، تو دنیا اس کے کسی معاہدے یا سفارتی موقف پر کیسے اعتماد کرے گی اسرائیل اور امریکہ کی ایران پر حملے کھلم کھلا جارحیت ہے جو کہ خطے اور عالمی امن کے لیے بڑا چیلنج ہوگا۔

Century Express Quetta

## خواتین کی فیصلہ سازی میں شمولیت ناگزیر ہے، ربابہ بلیدی

### پانی کے ضیاع کو روکنے کیلئے آگاہی مہم وقت کی اہم ضرورت ہے، وفد سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ کی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے ہوپ آرگنائزیشن اور واٹر سینیٹیشن نیٹ ورک کے نمائندوں نے ملاقات کی اس موقع پر واٹر سینیٹیشن نیٹ ورک کے صدر میر بہرام خان لہڑی، اور سینئر صحافی میر بہرام بلوچ بھی شریک تھے ملاقات میں آئندہ مالی سال 2025-26 کے پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام میں پانی اور صفائی سے متعلق منصوبوں کی تشکیل پر بات چیت کی گئی ڈاکٹر ربابہ بلیدی نے ہوپ اور واٹر سینیٹیشن نیٹ ورک کی جانب سے جاری آگاہی مہم کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ ایک ایسی مہم ہے جس کا براہ راست تعلق خواتین کی روزمرہ زندگی سے ہے پانی کا استعمال زیادہ تر خواتین کرتی ہیں لہٰذا ان مسائل کے حل میں بھی خواتین کو مرکز توجہ بنانا ہوگا انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان کی سماجی ساخت دیگر صوبوں سے مختلف ہے جہاں خواتین مخصوص نوعیت کے چیلنجز سے دوچار ہیں ان مسائل سے مؤثر طور پر نمٹنے کے لئے خواتین کی فیصلہ سازی میں شمولیت ناگزیر ہے ڈاکٹر ربابہ خان نے ہوپ کی جانب سے پیش کردہ سٹی وائڈ انکلوسیو سینیٹیشن (سی ڈبلیو آئی ایس) منصوبے کو ایک مثبت اور پائیدار قدم قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت، غیر سرکاری اداروں اور دیگر شراکت داروں کے ساتھ مل کر پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت کام کیا جائے تو اس کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہوں گے اور اس سے پانی اور صفائی کے دیرینہ مسائل کا مستقل حل تلاش کیا جا سکے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 2

Dated 23 JUN 2025 Page No. 16

## محکمہ تعلیم کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ضلعی انتظامیہ اقدامات کر رہی ہے، ڈی سی کوہلو

**تحصیل ماوند جیسے دور دراز علاقوں میں صحت کی بنیادی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے، عظیم جان دومڑ**

کوہلو (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر عظیم جان دومڑ نے تحصیل ماوند کے مختلف سرکاری تعلیمی اداروں اور طبی مراکز کا دورہ کیا انہوں نے انتظامی، تدریسی اور طبی سہولتوں کا تفصیلی جائزہ لیا سپرنٹنڈنٹ ڈی سی آفس حاجی سیف اللہ مری اور پی اے ٹو ڈی سی ضیاء الدین زرکون بھی اس موقع پر موجود تھے انہوں نے تدریسی نظام، اساتذہ کی حاضری، طلبا کی تعلیمی کارکردگی اور اداروں کی مجموعی صورتحال پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی معیار میں واضح کمی اور اساتذہ کی غفلت ناقابل برداشت ہے محکمہ تعلیم کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ضلعی انتظامیہ ہر ممکن اقدام کر رہی ہے آفیسران اور اساتذہ اپنی ذمہ داریوں کا احساس کریں بصورت دیگر ان کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک دن کے وقفے کے بعد آج سہ پہر تین بجے ہوگا جس میں سالانہ میزانیہ بابت 2025-26 پر ارکان اسمبلی مجموعی عام بحث میں حصہ لیں گے۔ اجلاس میں صوبائی وزیر خزانہ بلوچستان مالیاتی مسودہ قانون 2025 مصدرہ 2025 کو بلوچستان اسمبلی کے قواعد وانضباط کار مجریہ 1974 کے قاعدہ 84 اور 85(2) کے تقاضوں سے مستثنیٰ قرار دینے کی تحریک پیش کریں گے۔

MASHRIQ QUETTA

## دالبندین سے دینی مدرسے کے 40 سے زائد طلبہ شیخ زید ہسپتال کوئٹہ منتقل

**غیر معیاری کھانا کھانے کے باعث طلبہ کی حالت خراب اور شدید علیل ہوگئے تھے**

**ڈپٹی کمشنر چاغی نے محکمہ صحت بلوچستان کو ایک مراسلہ ارسال کر دیا ہے، انتظامیہ**

دالبندین (نمائندہ خصوصی) دینی مدرسے کے 40 سے زائد طلبہ کو کوئٹہ کے شیخ زید النہیان ہسپتال منتقل کر دیا گیا ڈسٹرکٹ چیئرمین میر عبدالودود خان سنجرانی نے ہسپتال پہنچ کر انتظامات کا جائزہ لیا گزشتہ روز چاغی کے علاقے چتر میں قائم دینی مدرسے کے 50 سے زائد طلبہ مبینہ طور پر غیر معیاری کھانے کے باعث شدید علیل ہوگئے متاثرہ طلبہ کو ابتدائی......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

طبی امداد کے لئے فوری طور پر دالبندین کے پرنس فہد ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ایمرجنسی نافذ کرکے طبی عملے نے امدادی کارروائیاں شروع کیں ڈپٹی کمشنر چاغی عطاء المنعم بلوچ اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نظام رحیم بلوچ کی نگرانی میں 6 سے زائد طلبہ کو گزشتہ شب کوئٹہ ریفر کر دیا گیا تاہم اتوار کی صبح مزید طلبہ کی طبیعت بگڑنے پر 40 طلبہ کو ہنگامی بنیادوں پر کوئٹہ منتقل کر دیا گیا ایک طالب علم، مدثر، دالبندین میں جانبر نہ ہوسکا اور انتقال کر گیا کوئٹہ میں سابق چیئرمین سینیٹ و رکن صوبائی اسمبلی حاجی صادق سنجرانی اور سابق مشیر میر اعجاز خان سنجرانی کی ہدایت پر ضلعی چیئرمین میر عبدالودود خان سنجرانی اور وائس چیئرمین میر اسفندیار خان یار محمد زئی نے شیخ زید النہیان، چلڈرن ہسپتال، بی ایم سی میں انتظامات کا جائزہ لیا اور تمام متاثرہ طلبہ کو داخل کروایا محکمہ صحت بلوچستان کے سیکرٹری اور ایڈیشنل سیکرٹری کو سابق چیئرمین سینیٹ صادق خان سنجرانی نے طلبہ کی صورتحال سے آگاہ کر دیا تھا، جس پر محکمہ صحت بلوچستان نے متعلقہ ہسپتالوں کو الرٹ کر دیا تاکہ متاثرہ طلبہ کو ہر ممکن طبی سہولیات فراہم کی جاسکیں دوسری جانب ڈپٹی کمشنر چاغی نے محکمہ صحت بلوچستان کو ایک مراسلہ ارسال کیا ہے، جس میں کوئٹہ سے ماہر میڈیکل ٹیم فوری طور پر روانہ کرنے کی درخواست کی گئی ہے تاکہ واقعہ کی مکمل تحقیقات کی جاسکے اور اس بات کا تعین کیا جاسکے کہ مدرسے کے طلبہ اس صورتحال کا شکار کیسے ہوئے۔

## کوئٹہ، غیر قانونی منی پیٹرول پمپس کے خلاف کارروائی کا آغاز

**مالکان کو تین دن کی مہلت بصورت دیگر سخت اقدام اٹھایا جائے گا، میٹروپولیٹن کارپوریشن**

کوئٹہ (پ ر) میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے ایک پریس ریلیز کے مطابق حکومت بلوچستان کی ہدایات اور عوامی جان و مال کے تحفظ کے پیش نظر شہر میں قائم غیر قانونی منی پیٹرول پمپس کے خاتمے کے لئے ضلعی انتظامیہ نے کارروائی کا آغاز کر دیا ہے تمام منی پمپس مالکان کو تین (3) دن کی حتمی مہلت دے دی گئی کہ وہ اپنی تنصیبات رضاکارانہ طور پر ختم ......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کر دیں مہلت ختم ہونے کے بعد ضلعی انتظامیہ بلا کسی پیشگی اطلاع سخت قانونی کارروائی کرے گی۔ منی پیٹرول پمپس میں حفاظتی اقدامات کا فقدان، غیر معیاری ذخیرہ، اور آتشزدگی کے حالیہ واقعات کے باعث یہ اقدام ناگزیر ہے ان پمپوں کی موجودگی نہ صرف شہریوں کے لئے خطرہ بلکہ شہر کے مجموعی امن وامان اور ماحولیاتی تحفظ کے لئے بھی نقصان دہ ہے عوامی تحفظ وسلامتی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں کوئی رعایت یا نرمی نہیں برتی جائے گی۔

## کوہلو، تحصیل ماوند میں ڈی سی کی زیر صدارت کھلی کچہری

**اسی روز ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس بھی منعقد کیا گیا**

کوہلو (نمائندہ مشرق) ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ کی زیر صدارت تحصیل ماوند میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں ونگ کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل عامر منظور، محکموں کے افسران، قبائلی عمائدین، نوجوانوں اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کھلی کچہری کے دوران عوام نے ضلعی انتظامیہ کے سامنے متعدد اہم مسائل رکھے جن میں پانی کی قلت کو بنیادی مسئلہ قرار دیا گیا۔ کوہلو (نمائندہ مشرق) ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ایک اہم اجلاس ڈی سی آفس کوہلو میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں تعلیمی اداروں کی مجموعی صورتحال، تدریسی عمل کی نگرانی، اساتذہ کی حاضری، طلبہ کی کارکردگی، انفراسٹرکچر اور مانیٹرنگ کے نظام کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جعفر خان زرکون، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن حفیظ اللہ مری، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر میل کوہلو بہادر خان مری، ڈی ڈی ای او ماوند/کاہان حاجی شیر جان کنگرانی، پرنسپل بوائز ڈگری کالج کوہلو، سپرنٹنڈنٹ ڈی سی آفس حاجی سیف اللہ مری، ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ کوآرڈینیٹر آر ٹی ایس ایم بہرام خان کاکائی، کمپیوٹر آپریٹر فرزانہ عطاء، اللہ مری، نواز کاکائی، واحد مری سمیت دیگر افسران اور نمائندگان شریک تھے۔ کھلی کچہری میں مقامی مکینوں نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر واٹر پائپ لائن بچھائی جائے تاکہ پینے کے صاف پانی کی فراہمی ممکن بنائی جاسکے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پانی کی فراہمی ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنائی جائے

INTEKHAB QUETTA

## جھل مگسی میں گیس کی فراہمی کے منصوبے پر کام کا آغاز کر دیا گیا

**میر جعفر خان مگسی نے منصوبے کا افتتاح کیا، علاقے کے لوگوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی**

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی صدر اور وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی نوابزادہ میر خالد حسین مگسی اور نوجوان قیادت عوامی لیڈر نوابزادہ میر جعفر خان مگسی کا تاریخی اقدام جھل مگسی کو گیس کی فراہمی کے منصوبے پر کام کا آغاز کر دیا گیا بکرا ذبح کر کے میر جعفر خان مگسی نے منصوبے کا افتتاح کیا سوئی سدرن گیس کمپنی نے پائپ لائنز بچھائی کا کام شروع کر دیا بقیہ نمبر 28 صفحہ 5 پر

منصوبے سے ڈسٹرکٹ جھل مگسی کے تمام علاقوں کو گیس جیسی بنیادی سہولتوں کی فراہمی ہوگی جس سے جھل مگسی میں ترقی خوشحالی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا گیس کی فراہمی عوام کا دیرینہ مطالبہ تھا جو کہ مخلص قیادت نے پورا کر کے دکھایا گیس کی فراہمی سے ترقی بنیادی سہولتوں سمیت تمام افراد مستفید ہوسکیں گے جس سے علاقے میں ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی اس موقع پر نوابزادہ میر خالد حسین مگسی اور نوابزادہ میر محمد جعفر مگسی نے کہا کہ وہ عوام کی بلاامتیاز خدمت پر یقین رکھتے ہیں جھل مگسی سمیت تمام علاقے کی ترقی اور خوشحالی ہمارا نصب العین ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2 Dated: 23 JUN 2025 Page No. 16

## ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز مکران ڈویژن کا پریس کلبز کا دورہ

### تربت اور گوادر پریس کلب کیلئے 90 لاکھ کی امداد دی جا چکی ہے

تربت (خ ن) ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز مکران ڈویژن وہاب اسحاق بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان اور محکمہ تعلقات عامہ کی جانب سے سال 2025 کے دوران مکران ڈویژن کے دو پریس کلب تربت اور گوادر کو مجموعی طور پر 90 لاکھ روپے کی مالی معاونت فراہم کی گئی ہے۔ اس اقدام کا مقصد علاقائی صحافت کو فروغ دینا اور مقامی صحافیوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے اپنے حالیہ دورہ تربت پریس کلب کے موقع پر کیا جہاں انہوں نے پریس کلب کے اراکین سے ملاقات کی اور صحافتی امور پر گفتگو کی۔ اس موقع پر انہوں نے تربت پریس کلب کے جنرل سیکریٹری نور شاہ نور کو 20 لاکھ روپے کا گرانٹ چیک بھی دیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اور محکمہ اطلاعات کی جانب سے اب تک تربت پریس کلب کو مجموعی طور پر 70 لاکھ روپے جبکہ گوادر پریس کلب کو 20 لاکھ روپے کی گرانٹ جاری کی جا چکی ہے۔ یہ مالی امداد پریس کلبوں کی بنیادی ضروریات، تکنیکی سہولیات، انفراسٹرکچر کی بہتری اور صحافتی سرگرمیوں کو مؤثر بنانے کے لئے فراہم کی گئی ہے۔ محکمہ اطلاعات بلوچستان کی پالیسی کے تحت ہر سال صوبے کے مختلف اضلاع میں قائم پریس کلبوں کو 20 لاکھ روپے سالانہ گرانٹ فراہم کی جاتی ہے۔ اس پالیسی کا مقصد صوبے بھر میں ایک آزاد، ذمہ دار اور بااختیار صحافت کو فروغ دینا ہے۔

## ایکشن کمیٹی اخباری صنعت کا احتجاج جاری

کوئٹہ (پ ر) ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کا علامتی احتجاجی کیمپ 50 ویں روز بھی جاری رہا۔ علامتی احتجاجی کیمپ میں اخبارات، جرائد اور اخبار مارکیٹ کے نمائندگان موجود رہے۔ احتجاجی کیمپ کے شرکاء کا کہنا تھا کہ حکومت کی جانب سے اشتہارات کی BPPRA پر منتقلی پرنٹ میڈیا سمیت پوری صنعت کیلئے تباہی کا باعث بنے گی جہاں بلوچستان کے اخبارات و جرائد بندش کی جانب جائیں گے وہیں ہزاروں کی تعداد میں تعلیم یافتہ افراد بیروزگار کا سامنا کریں گے جس کے صوبے پر انتہائی منفی نتائج مرتب ہونگے۔ شرکاء کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بلوچستان کے پرنٹ میڈیا کو امیدیں وابستہ ہیں وہ صوبے کے وسیع تر مفاد میں اشتہارات کو BPPRA پر منتقل کرنے کے ڈرافٹ کو فوری مسترد کرتے ہوئے بلوچستان کے پرنٹ میڈیا کی سرپرستی کریں۔

## میڈیا ورکرز کی برطرفی ہرگز قبول نہیں ہے، بی یو جے

### ایسے اقدامات سے ورکنگ جرنلسٹس میں عدم تحفظ کا احساس بڑھ رہا ہے، خلیل احمد

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس نے ایک مقامی اخبار کے کوئٹہ اور لاہور دفاتر سے 163 میڈیا ورکرز کی برطرفی اور واجبات کی عدم ادائیگی کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ برطرف کیے گئے ملازمین کو فی الفور بحال کرکے انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں۔ بی یو جے کے صدر خلیل احمد اور جنرل سیکرٹری عبدالغنی کاکڑ نے میڈیا ورکرز کی برطرفی کو کارکنان کے معاشی قتل عام سے تعبیر کرتے ہوئے کہا ہے کہ بغیر کسی قانونی نوٹس، انضباطی کارروائی یا واجبات کی ادائیگی کے درجنوں خاندانوں کو معاشی بدحالی کی دلدل میں دھکیل دینا نہ صرف قانون بلکہ انسانی اقدار کے بھی منافی ہے۔ بی یو جے رہنماؤں نے کہا کہ قواعد و ضوابط کی کھلی خلاف ورزی، کارکنان کے ساتھ غیر انسانی سلوک، اور استحصال پر مبنی روش پورے میڈیا انڈسٹری کے لئے لمحہ فکریہ ہے۔ ایسے اقدامات نہ صرف ورکنگ جرنلسٹس میں عدم تحفظ کا احساس بڑھا رہے ہیں بلکہ ادارہ جاتی ساکھ کو بھی شدید نقصان پہنچا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جن کارکنوں کو برطرف کیا گیا، وہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنی برسوں کی محنت، قربانیوں اور صحافتی لگن سے اس ادارے کی بنیادوں کو استوار کیا۔ آج انہیں خاموشی سے فارغ کر دینا جنگ گروپ کی انتظامیہ کے غیر پیشہ ورانہ، بے حس اور ظالمانہ طرز عمل کا عکاس ہے۔ بی یو جے رہنماؤں نے واضح کیا کہ آزادی صحافت اور میڈیا ورکرز کے تحفظ کے دعوے صرف الفاظ تک محدود نہیں بلکہ ان پر عملدرآمد نظر آنا چاہئے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ صوبائی اور وفاقی حکومت اس سنگین اور افسوسناک صورتحال کا فوری اور سنجیدہ نوٹس لیں۔

## اخبار فروشوں کیلئے گرانٹ شامل نہ کرنے پر افسوس

### صوبائی حکومت، وزراء اور مشیروں نے انتہائی غیر ذمہ داری کا ثبوت دیا

### انجمن اتحاد اخبار فروشاں کا عنقریب احتجاج اور مظاہرے کرنے کا اعلان

کوئٹہ (پ ر) انجمن اتحاد اخبار فروشاں کے عہدیداروں نے ایک بیان میں صوبائی بجٹ میں اخبار فروشوں کیلئے سالانہ گرانٹ کو شامل نہ کرنے کے اقدام کو انتہائی افسوسناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کو مشورہ دینے والوں نے اخباری صنعت کے بارے میں مس گائیڈ کیا۔ انہوں نے کہا کہ اخباری انڈسٹری میں ہزاروں کی تعداد میں اخبار فروش ہیں جنہوں نے اخباری صنعت کی ترقی میں دن رات اپنا کردار ادا کیا اور بلوچستان میں اخبارات کی بنیاد رکھنے والوں کو آج حکومت نظرانداز کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کے علاقے کے سینکڑوں اخبار فروش آج کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں جبکہ اخباری صنعت سے تعلق رکھنے والے وزیراعلیٰ کے ترجمان شاہد رند بھی اخبار فروشوں کے مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں لیکن اسکے باوجود اخبار فروشوں کیلئے گرانٹ منظور نہ کرکے حکومت اور اسکے وزیروں، مشیروں نے انتہائی غیر ذمہ داری کا ثبوت دیا ہے انہوں نے کہا کہ اخباری صنعت کے حقیقی حقداروں کو محروم کرکے اخباری صنعت سے کھلی دشمنی کا اظہار کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اخبار فروش اپنے حق کیلئے پورے ملک میں آل پاکستان اخبار فروش فیڈریشن کے تحت عنقریب احتجاج اور مظاہروں کا اعلان کریں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 23 JUN 2025 Page No. 17

## مشترکہ جدوجہد چاہتے ہیں بلوچ بھائی پشتونوں کے خلاف اقدامات کو ناکام بنائیں، خوشحال کاکڑ

پشتون سرزمین کو کسی کی جنگ کا مورچہ بننے کی اجازت نہیں دے سکتے، پشتون جماعتیں مسائل سے نجات دلانے کی فیصلہ کن جدوجہد کریں

**ایران پر صہیونی اسرائیل کا حملہ ننگی جارحیت، عالم اسلام کی مجرمانہ خاموشی نہایت افسوسناک ہے، عثمان کاکڑ کی برسی پر جلسے سے خطاب**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے اہتمام پر ملی شہید عثمان خان کاکڑ کی شہادت کی چوتھی برسی کی مناسبت سے کوئٹہ کے ایوب سٹیڈیم میں جلسہ عام پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ کی صدارت ہوا جس میں جنوبی پشتونخوا کے تمام علاقوں کے پارٹی کارکنوں، عوام اور خواتین نے بھاری تعداد میں شرکت کی۔ جلسہ عام سے پارٹی کے سینئر وائس چیئرمین رضا محمد رضا، مرکزی سیکرٹری جنرل نور شید کاکڑ، مرکزی سینئر سیکرٹری سید قادر آغا، مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، مرکزی سیکرٹریز سردار گل مرجان کبزئی، اللہ نور خان چیئرمین، صاحب بڑیچ اور پی ایس او کے رجل سیکرٹری وارث افغان نے خطاب کیا۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے نے انجام دیے، تلاوت کلام پاک کی سعادت ممتاز عالم دین مولوی عبداللہ مندوخیل نے حاصل کی اور ممتاز افغان دانشور سابق وزیر فضل ربی لیوال نے ویڈیو پیغام میں ملی شہید کو ان کے تاریخی رول پر خراج عقیدت پیش کیا، ممتاز شعراء رحیم ناصر اور فضل پشتون نے ملی شہید کو منظوم خراج عقیدت پیش کیا۔ پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے ملی شہید عثمان خان کاکڑ کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملی شہید کے خاندان کیلئے یہ امر باعث افتخار ہے کہ ملی شہید کو پشتون افغان وطن کے عوام اور تمام جمہوری قوتوں اور اس ملک کے محکوم قوموں اور مظلوم عوام کی نمائندہ جمہوری قوتوں نے ان کی شہادت پر جس غم و رنج کا اظہار کیا اور ملی شہید کو اپنا شہید گردانتے ہوئے احترام کے ساتھ خراج عقیدت پیش کیا جس سے ہمارا غم کم ہوا تو اس سے ثابت ہوا کہ یہ صرف ہمارا شہید نہیں بلکہ تمام محکوم اقوام و مظلوم عوام کا شہید ہے، انہوں نے جمہوری قوتوں کو تجویز دی کہ ہمیں جمہوریت کا ایک ایسا چارٹر پر اتفاق کرنا ہوگا کہ اگر اس ملک میں دوبارہ مارشل لاء کا نفاذ ہوتا ہے تو ملک کے وفاقی وحدتوں کو حق علیحدگی کا اختیار حاصل ہوگا آج ہمارے ملک کے پارلیمان میں قوموں کو برابری کا حق حاصل نہیں، منتخب پارلیمان کو داخلہ و خارجہ پالیسیوں کے تشکیل کا اختیار حاصل نہیں، ملک کے مقتدرہ نے حالیہ الیکشن میں ملک پر ایک ایسا مطلوب پارلیمان کو مسلط کیا جس نے 26 ویں آئینی ترمیم سے عدلیہ کی آزادی ختم کر دی، عدلیہ سے عوام کو جو امیدیں وابستہ تھی وہ ختم ہوگئی ہیں، ججوں کا انتخاب میرٹ اور انصاف کے تحت نہیں ہوتا، پیکا ایکٹ کے تحت میڈیا کی آزادی ختم کی گئی ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچ عوام نے قومی حقوق کیلئے بندوق اٹھائی تو ان کو تجارت کے حقوق حاصل ہیں جبکہ پرامن پشتونوں پر تجارت و روزگار کے تمام دروازے بند ہیں، ہمارا تعلیمی نظام تباہ ہے جس کی ذمہ دار ریاست ہے جو دانستہ طور پر ہمیں جاہل رکھنا چاہتی ہے ہمیں اپنے قومی وجود اور زبان کی بقاء کا مسئلہ درپیش ہے۔ ہمارے وطن کی لاکھوں ایکڑ اراضی کے الاٹمنٹ کا سلسلہ جاری ہے ہمارے عوام نے قمرالدین سے لیکر توبہ کاکڑی، برشور، قلعہ عبداللہ تک اس غیر آئینی الاٹمنٹ کو مسترد کیا ہے، انہوں نے کہا کہ وقت آگیا ہے کہ ملک کے محکوم قومیں باہم متحد و منظم ہو کر اپنی حق ملکیت اور حق حاکمیت کی دفاع کیلئے مشترکہ جدوجہد کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہم بلوچ کے ساحل و وسائل پر کسی استعماری طاقت کا قبضہ نہیں مانتے اس مشترکہ دو قومی صوبے میں ہم دو قوموں کی برابری اور بھائی چارے کی فضاء میں رہنا چاہتے ہیں ہمیں باہم متحد ہو کر اپنے قومی واک و اختیار کیلئے مشترکہ جدوجہد کرنی چاہئے اور اختلاف کی سازشوں کو مل کر ناکام بنائیں۔ پشتون علاقہ منگلہ میں بلوچ تنظیم کے نام پر ہمارے لوگوں کا خون ناحق بہایا گیا، ہرنائی اور دکی کے علاقوں میں بلوچوں کے نام سے ہمارے لوگوں پر حملے ہوتے رہے ہیں ہم پشتون سرزمین کو کسی کی جنگ کا مورچہ بننے کی اجازت نہیں دے سکتے، بلوچ بھائیوں کو بلوچوں کے نام پر پشتونوں کے خلاف اقدامات کرنے اور اختلافات پیدا کرنے کی سازشوں کو ناکام کرنے میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

## جمعیت کے رہنماؤں اور کارکنوں کا قتل ایک سوچا سمجھا منصوبہ ہے، مولانا واسع

**حکومت، انتظامیہ اور ادارے امن وامان قائم رکھنے میں بے بس نظر آرہے ہیں، بیان**

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ہمارے رہنماؤں اور کارکنوں کو منظم انداز میں نشانہ بنایا جا رہا ہے، اور ہر روز ہم کسی نہ کسی ساتھی کی لاش اٹھا رہے ہیں۔ اس تسلسل نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ یہ جے یو آئی کے خلاف ایک سوچا سمجھا منصوبہ جاری ہے، جس میں حکومت، انتظامیہ اور امن وامان قائم رکھنے والے تمام اداروں کی مجرمانہ خاموشی اور عملی بے حسی واضح نظر آرہی ہے۔ سب سے زیادہ قربانیاں دینے کے باوجود ہمیں ہر طرف سے مایوس کن رویوں کا سامنا ہے، جو ہمارے لیے نہایت تکلیف دہ اور افسوسناک ہے۔ مولانا عبدالواسع نے واضح کیا کہ ہمارا سب سے بڑا "جرم" یہ ہے کہ ہم نے ہمیشہ ملک، آئین، اور قوم کے ساتھ کھڑے ہونے کا راستہ چنا۔ ہم نے امن کے لیے اپنی صفوں میں شہداء پیش کیے، ملک دشمنوں کے خلاف ہر سطح پر آواز اٹھائی، اور قومی وحدت کی علمبرداری کی۔ مگر آج ہمیں اس وفاداری کی سزا دی جا رہی ہے۔ نہ صرف ہمارے قائدین کو دہشتگردی کا نشانہ بنایا جا رہا ہے بلکہ ان کی محدود سیکورٹی بھی واپس لی جا رہی ہے، گویا انہیں تنہا چھوڑنے کی پالیسی اپنائی جا چکی ہے۔ ایک طرف لاشیں اٹھا رہے ہیں، دوسری طرف ہمارے تحفظ کے لیے دی گئی معمولی سہولیات تک چھین لی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے رہنماؤں اور کارکنوں کی حفاظت کرنا جانتے بھی ہیں اور اس کے لیے تیار بھی ہیں، لیکن ریاست اور اس کے متعلقہ اداروں کی جو آئینی اور اخلاقی ذمہ داری ہے، وہ اس سے ہرگز بری الذمہ نہیں ہو سکتے۔ اس معاملے کو سنجیدہ لیا جائے، کیونکہ اگر یہی طرز عمل جاری رہا تو عوامی اعتماد مکمل طور پر ختم ہو جائے گا اور ریاستی رٹ پر سوالات اٹھنے لگیں گے۔

MASHRIQ QUETTA

## فارم 47 والوں نے بلوچستان کو بحرانی حالات سے دوچار کیا' بی این پی

**کوئٹہ میں بجلی کی 12 سے 18 گھنٹے اور گیس کی بھی لوڈشیڈنگ جا رہی ہے**

نااہل حکمرانوں کو عوامی پذیرائی حاصل نہ ہی ان میں مسائل حل کرنیکی صلاحیت موجود ہے' بیان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں بلوچستان میں بجلی و گیس کی طویل لوڈشیڈنگ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ فارم 47 کے حکمرانوں کے آنے کے بعد جہاں بلوچستان شدید بحرانی حالات سے دوچار ہو چکا ہے وہاں بجلی کی 12 سے 18 گھنٹے لوڈشیڈنگ کے ساتھ ساتھ گیس کی بھی لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے کوئٹہ خاص ......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کر سرہاب میں 12 سے 18 گھنٹے لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے جو حکمرانوں کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے کیونکہ حکمرانوں کو نہ عوامی پذیرائی حاصل ہے اور نہ ہی وہ عوام میں جا کے ان کے مسائل کو حل کرنے کی ترجیح دیتے ہیں کیونکہ وہ عوامی نہیں بلکہ سرکار کے لائے ہوئے ہیں بلوچستان نیشنل پارٹی کے اپنے گزشتہ ادوار میں بلوچستان میں بجلی و گیس کی لوڈشیڈنگ پر سخت موقف اختیار کرتے ہوئے عوام کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا تھا مگر اب شہری بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ اور گیس پریشر میں کمی کی وجہ سے شدید مسائل اور مشکلات سے دوچار ہیں بیان میں کہا گیا کہ سردار اختر جان مینگل کی قیادت میں بلوچستانی عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے بلکہ عوامی روابط اور اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے عوام کی طاقت سے عوام کے مسائل کے حل کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے۔

INTEKHAB QUETTA

## ملی یکجہتی کونسل بلوچستان کا اہم اجلاس آج کوئٹہ میں طلب

**اسرائیل اور امریکہ کی جانب سے فلسطین، غزہ اور ایران پر حملوں سمیت دیگر امور پر مشاورت ہوگی**

کوئٹہ (پی این اے) ملی یکجہتی کونسل بلوچستان کے صدر و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کونسل کے صوبائی ذمہ داران کا ایک اہم اجلاس آج سوموار 23 جون کو دوپہر 11 بجے صوبائی دفتر مرکزی مسلم لیگ، جامع مسجد قباء نزد نادرا آفس ڈبل روڈ کوئٹہ میں طلب کر لیا ہے۔ اجلاس میں خطے کی موجودہ صورتحال، اسرائیل اور امریکہ کی جانب سے فلسطین، غزہ اور ایران پر حملوں، محرم الحرام میں انجام دیے جانے والے دینی و تنظیمی امور، امن وامان کی صورتحال، علاقائی و قومی معاملات سمیت دیگر باہمی امور پر تفصیلی مشاورت اور فیصلے کیے جائیں گے۔ ملی یکجہتی کونسل بلوچستان کے صدر و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کونسل کے صوبائی ذمہ داران کو اجلاس میں شرکت کرنے کی ہدایت کی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 23 JUN 2025 Page No. 18


## جیکب آباد اور کچھی کے درمیانی علاقے سے تین نوجوان اغواء

**نوجوان جیکب آباد سے کوئٹہ جا رہے تھے، علاقے کا تعین نہ ہونے سے ابھی مقدمہ درج نہ ہو سکا**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) بختیار آباد و کچھی کے درمیانی علاقے سے جیکب آباد کے رہائشی ایک ہی خاندان کے تین نوجوانوں کو نامعلوم افراد نے اغوا کر لیا واقع کے بعد حدود کا تعین نہ ہونے کی وجہ سے ابھی مقدمہ درج نہ ہو سکا لیویز کے مطابق جیکب آباد کے رہائشی ایک ہی خاندان کے تین نوجوان سلمان کھوسہ حیدر خان کھوسہ اور یشا خان کھوسہ اپنی گاڑی پر سوار ہو کر کوئٹہ جا رہے تھے کہ راستے میں بختیار آباد و کچھی کی درمیانی علاقہ قومی شاہراہ سے نامعلوم افراد نے ان کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کر کے ان تینوں کو اغوا کر لیا۔ واقع کے بعد پولیس لیویز نے علاقے کی ناکہ بندی کر دی۔ تاہم آخری اطلاعات آنے تک کوئی گرفتاری و بازیابی عمل میں نہیں آئی دونوں علاقوں کی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جگہ کا تعین نہ ہونے کی وجہ سے تاحال مقدمہ درج نہ ہو سکا۔


MASHRIQ QUETTA


## مسلح افراد کی مستونگ میں قومی شاہراہ کی ناکہ بندی شناختی کارڈ چیک کیے گاڑی نذر آتش

**کوئٹہ کراچی شاہراہ کو بلوچستان ہوٹل کے مقام پر بند کر کے چیکنگ کی گئی، مسافروں سے سوالات پوچھتے رہے**

**رات گئے مسلح افراد گاڑیوں کی چیکنگ کے بعد قریبی پہاڑوں میں فرار ہو گئے، مقامی انتظامیہ نے مقدمہ درج کر لیا**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مستونگ کے علاقے میں مسلح افراد نے کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر ناکہ بندی کر کے گاڑیوں کی چیکنگ اور لوگوں کی شناختی دستاویزات چیک کیں اور گاڑیوں کو بھی نذر آتش کر دیا گیا یاد رہے کہ گزشتہ شب بھی کوئٹہ بین الاقوامی شاہراہ پر لوشکی کے مقام .......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر


پر ناکہ بندی کر کے گاڑیوں کی چیکنگ کی اور سرکاری عمارتوں اور گاڑی کو بھی نذر آتش کیا گیا ذرائع کے مطابق اتوار کی شام درجنوں نامعلوم مسلح افراد نے کوئٹہ کراچی شاہراہ کو بلوچستان ہوٹل کے مقام پر ناکہ بندی کر کے مسلح افراد نے گاڑیوں کو روک کر ان میں سوار لوگوں کے شناختی دستاویزات چیک کئے اور ایک گاڑی کو بھی نذر آتش کر دیا گیا یاد رہے کہ گزشتہ شب بھی لوشکی کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے ناکہ بندی کر کے گاڑیوں کی چیکنگ کی اور گاڑیوں کو آگ بھی لگائی واضح رہے کہ گزشتہ کئی عرصے سے بلوچستان کی قومی شاہراہوں پر مسلح افراد تواتر کے ساتھ شام ہوتے ہی ناکہ بندی کر کے گاڑیوں اور لوگوں کی قومی شناختی دستاویزات کا سلسلہ شروع کر دیا جاتا ہے جس کی وجہ سے صوبے کی قومی شاہراہوں پر لوگوں کو سفر کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور حکومت سمیت انتظامیہ کی جانب سے ان واقعات کا تدارک کرنے کی بجائے رات کو قومی شاہراہوں پر سفر کرنے پر پابندی کر رکھی ہے۔

# کوئٹہ میں سبزیوں اور دیگر خوردنی اشیاء کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

## کھانے پینے کی اشیا کی ترسیل میں مشکلات اور اخراجات بڑھنے سے قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں

## سینکڑوں گاڑیاں سبزیاں سامان و سبزیوں کی ترسیل سے وابستہ تھیں پٹرول ڈیزل مہنگا ہونے سے رک گئیں

## خاران، پنجگور، تربت، گوادر، نوشکی، واشک، آواران، قلات، لورالائی، ژوب، چاغی و دیگر علاقے متاثر

کوئٹہ (یو این اے) ایرانی پٹرول پر پابندی کے باعث صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں سبزیوں اور اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ بلوچستان کے دور دراز اضلاع سے کوئٹہ لائی جانے والی سبزیاں اور کھانے پینے کی اشیا کی ترسیل میں مشکلات اور اخراجات بڑھنے سے قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق خاران، پنجگور، تربت، گوادر، نوشکی، واشک، آواران، قلات، لورالائی، ژوب، چاغی، پشین، دالبندین، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ اور دیگر علاقوں سے روزانہ سینکڑوں گاڑیاں سبزیاں، پھل اور اشیائے خورد و نوش لے کر کوئٹہ پہنچتی ہیں۔ ان علاقوں میں اکثر گاڑیوں میں ایرانی پٹرول استعمال کیا جاتا تھا کیونکہ ایرانی پٹرول پاکستانی پٹرول کی نسبت بہت سستا تھا۔ ایرانی پٹرول پر حالیہ سخت پابندی اور اس کی بندش کے بعد ٹرانسپورٹ لاگت میں دوگنا اضافہ ہوگیا ہے، جس کا براہ راست اثر اشیا کی قیمتوں پر پڑا ہے۔ شہریوں اور دکانداروں کے مطابق ٹماٹر، آلو، پیاز، لہسن، ادرک، پالک، شلجم، بند گوبھی، ہری مرچ، دھنیا، کریلا، بھنڈی، توری، بینگن، گاجر، کدو اور دیگر سبزیوں کی قیمتوں میں 30 سے 50 فیصد تک اضافہ ہو چکا ہے۔ اسی طرح دودھ، دہی، چینی، آٹا، دالیں اور دیگر ضروری اشیا کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ تاجر برادری نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ایرانی پٹرول کی دستیابی یا متبادل رعایتی ٹرانسپورٹ پالیسی دی جائے تاکہ دور دراز علاقوں سے سامان کی ترسیل ممکن ہو اور عوام کو مہنگائی کے عذاب سے کچھ ریلیف ملے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف گرمی، دوسری جانب لوڈشیڈنگ، اور اب مہنگائی نے زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ حکومت فوری مداخلت کرے ورنہ احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا۔

# کیسکو نے گرمی میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا دورانیہ بڑھا دیا، عوام گرمی سے بے حال

## شہر ہو یا دیہی علاقے بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے نظام زندگی کو مفلوج کر کے رکھ دیا، کئی علاقوں میں پانی کی قلت

## شہری علاقوں میں 8 گھنٹے جبکہ دیہی علاقوں میں 14 گھنٹے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے، کوئی پوچھنے والا نہیں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان شدید گرمی کی لپیٹ میں ہے، جبکہ دوسری جانب کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی کیسکو کی جانب سے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے جس کے باعث عوام کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ ہوگیا ہے۔ درجہ حرارت کئی علاقوں میں 48 سے 50 ڈگری سینٹی گریڈ تک جا پہنچا ہے۔ ذرائع کے مطابق کیسکو کی جانب سے نہ صرف لوڈشیڈنگ کا دورانیہ بڑھا دیا گیا ہے بلکہ کسی قسم کا شیڈول بھی جاری نہیں کیا گیا۔ شہر ہو یا دیہی علاقے بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے نظام زندگی کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے۔ بلوچستان کے بیشتر اضلاع جن میں کوئٹہ، پشین، قلعہ عبداللہ، ژوب، لورالائی، بارکھان، موسیٰ خیل، شیرانی، زیارت، سبی، لہڑی، ہرنائی، بولان، ڈیرہ مراد جمالی، جعفرآباد، نصیرآباد، صحبت پور، جھل مگسی، خضدار، قلات، مستونگ، آواران، واشک، پنجگور، کیچ، گوادر، نوشکی، چاغی، خاران، دالبندین، قلعہ سیف اللہ، کوہلو، سبی، ماشکیل، حب، لسبیلہ، سوراب، قمرالدین کاریز، اور دیگر اضلاع میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ معمول بن چکی ہے۔ شہریوں، طلبہ، مریضوں اور کاروباری طبقے نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور کیسکو حکام سے فوری نوٹس لینے اور بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔ مزید برآں، گرمی کی شدت اور بجلی کی بندش کے باعث مختلف علاقوں میں پانی کی قلت بھی پیدا ہو گئی ہے، جبکہ ہسپتالوں میں مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 23 JUN 2025 Page No. 20

# ایران، اسرائیل جنگ، بلوچستان کے سرحدی علاقوں کے مسائل حل کرنے کیلئے وزیراعلیٰ بلوچستان کوشاں!

ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری جنگ کے اثرات اب بلوچستان پر بھی نمایاں ہونے لگی ہیں۔ ایران سے ملحقہ بلوچستان کے سرحدی علاقے طویل عرصے سے ایرانی پیٹرول کی اسمگلنگ کا اہم مرکز سمجھے جاتے تھے تاہم ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری جنگ کے باعث پاک-ایران سرحدی کراسنگ پوائنٹس کی بندش سے یہ سارا کاروبار ٹھپ ہو کر رہ گیا ہے۔ صوبہ بھر میں ایرانی پٹرول نایاب ہو چکا ہے۔ کوئٹہ میں متعدد منی پٹرول پمپس بھی بند ہو چکے ہیں جس کے نتیجے میں ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب ایل پی جی گیس کی قلت کا بھی خطرہ ہے جس کے باعث اس کے ریٹس بھی بڑھنے والے ہیں۔ کوئٹہ کی مارکیٹوں میں ایرانی اشیاء کی شدید قلت کے باعث ان کی قیمتیں دُگنی ہوگئی ہیں، ایران اسرائیل جنگ سے قبل کوئٹہ میں ایرانی اشیائے خورونوش کی فروخت عام تھی، شہر کے مختلف علاقوں کی مارکیٹوں اور دکانوں میں ایرانی کوکنگ آئل، گھی، بسکٹ، خشک میوہ جات، کمبل، دہی، لسی اور دیگر اشیاء بآسانی دستیاب تھیں تاہم اب پاک-ایران سرحد کی بندش سے نہ صرف ان اشیاء کی قلت پیدا ہونے لگی ہے بلکہ قیمتوں میں بھی نمایاں اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ بلوچستان کے سرحدی علاقے بہت زیادہ متاثر ہیں کیونکہ سرحدی علاقوں میں شہریوں اور کاروباری افراد کا تمام تر معاشی انحصار ایران پر ہے جہاں سے پیٹرولیم مصنوعات سمیت دیگر اشیاء لائی جاتی ہیں جن سے وہ اپنی ضروریات پوری کرنے کے ساتھ ملک کے دیگر حصوں میں فروخت بھی کرتے ہیں۔ اب اسرائیل ایران تنازعہ کی وجہ سے ایرانی اشیاء کی ترسیل بند ہو چکی ہے جس سے سرحدی علاقوں سمیت ملک کے دیگر حصے بھی متاثر ہیں جو اس کاروبار سے منسلک ہیں اور جو شہری خریدار ہیں۔ بہرحال اس جنگ کی وجہ سے چند ہفتوں میں ایرانی اشیاء مکمل ناپید ہو جائیں گی جس کے معاشی اثرات سرحدی علاقوں پر زیادہ پڑینگی۔ ان حالات کے پیش نظر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ایران سے ملحقہ سرحدی علاقوں میں پیٹرول سمیت دیگر اشیا کی قلت ہونے نہیں دیں گے، یہ بات انہوں نے جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں کہی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ایران اسرائیل جنگ سے ایک بحرانی صورتحال ہے، میں گوادر گیا تھا وہاں بھی لوگوں نے اس جانب توجہ دلائی، میری وفاقی وزیر پیٹرولیم سے بات ہوئی ہے، وہاں پیٹرول سمیت دیگر اشیاء کی قلت ہونے نہیں دیں گے اس کے لئے ایمرجنسی لگانی پڑی یا جو بھی اقدامات کرنے پڑے، کریں گے۔ بارڈر ایریا میں کھانے پینے کی اشیاء کی کمی نہیں ہونے دیں گے۔ بہرحال وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے یقین دہانی کرائی گئی ہے اس میں وفاقی حکومت بلوچستان کی صوبائی حکومت سے ہر قسم کا تعاون کرے تاکہ بلوچستان میں بحرانی کیفیت سے بروقت نمٹا جا سکے کیونکہ ایران، اسرائیل جنگ مزید شدت اختیار کرتی جا رہی ہے جس سے بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں خوراک سمیت دیگر چیزوں کی قلت پیدا ہوگی جس سے لوگوں کی بڑی تعداد متاثر ہوگی۔ امید ہے کہ بلوچستان حکومت کے ایمرجنسی پر وفاقی حکومت تمام تر وسائل بروئے کار لائے گی تاکہ سرحدی علاقوں کے لوگ متاثر نہ ہوں۔

CamScanner